جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: پینځه کاله کښې یو منسټر هم دومره اسانئ سره زما امنډمنټس نه دی منلی چې خټګه شاه صاحب ومنل، زه ئے ډیره شکریه ادا کوم او دا امید لرم جی چې ان شاء الله دې امنډمنټس کښې به د ډیپارټمنټ فائده وی، نقصان به ئے نه وی۔

Mr. Speaker: Thank you, thank you ji.

مسودہ قانون (ترمیمی)، مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

(خیبر پختونخوا ٹورسٹ گائیڈز)

Mr. Speaker: Honouable Minister for Sports and Culture, Khyber Pakhtunkhwa, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Tourist Guides (Amendment) Bill, 2013.

Minister for Sports and Tourism: Honourable Speaker Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Tourist Guides (Amendment) Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Tourist Guides (Amendment) Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

جناب سپیکر: میں سن نہیں سکا۔ Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 5 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 5 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 5 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی)، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

(خیبر پختونخوا ٹورسٹ گائیڈز)

Mr. Speaker: 'Passage Stage': The honourable Minister for Sports and Culture Khyber Pakhtunkhwa, to please move for passage of the Bill.

Minister for Sports and Tourism: Honourable Speaker Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa Tourist Guides (Amendments) Bill, 2013 may kindly be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Tourist Guides (Amendment) Bill, 2013 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say' No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Energy,

کون Present کریگا؟ آنریبل لاء منسٹر صاحب! انرجی کا آپ کریں گے؟

بیرسٹرارشد عبداللہ (وزیر قانون): جی جی، کرلیں گے۔

مسودہ قانون (ترمیمی)، مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

(خیبر پختونخوا ہائیڈل ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن)

Mr. Speaker: Honorable Minister for Law, on behalf of Minister for Energy and Power, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Hydel Development Organization (Amendment) Bill, 2013.

Minister for Law: Thank you, Sir. On behalf of Minister for Energy and Power, I wish to present the Khyber Pakhtunkhwa, Hydel Development Organization (Amendment) Bill, 2013 for consideration.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Hydel Development Organization (Amendment) Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 3 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 3 stand part of the Bill. Amendment in Clause 4: Mr. Saqibullah Khan, to please move the amendment in Clause 4 of the Bill.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔

Sir, I beg to move that for Clause 4, the following may be substituted namely: "4. **Amendment in section 3 of Act No. 1 of 1993. -** In the said Act, in section 3, in sub section (1), the word 'Khyber' shall be deleted."

جناب سپیکر: 'Only 'Khyber آپ ڈالنا چاہ رہے ہیں؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر دیکبنې خبره داسې ده، سر په دیکبنې دوئ دوه Sub sections اچولی دی جی، زه غواړم چې دا دویم سب سیکشن چې کوم کبنې امنډمنټ کیږی چې دا امنډمنټ ونه شی۔

جناب سپیکر: جی ودریږئ تپوس ترې وکړو۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: د هغې وجه دا ده سر چې تاسو 'acquire and hold' کول خو دغه ټهیک دے جی خو چې تاسو Sell هم کوئ نو تاسو خو اوس د Real estate کار خو نه دے کنه جی دا ؟ نو هغې کښې ګورنمنټ پراپرټیز تاسو کوئ نو د هغې خپل پروسیجرز موجود دی، خپل ایکټ ئے موجود دے ، خپل طریقه کار ئے موجود دے نو زما ریکویسټ دے چې دا چې کوم Original Clause دے ، هغه د هم هغسې وی او چې دا کوم وړومبے Clause دے ، هغه د Amend شی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: نه جی داسې نه ده، د دې Decision ډیپارټمنټ څکه کړے دے چې بعضې داسې پاور هاؤسز دی، واړه چې هغه یا سیلاب وهلی دی یا د هغې هغه خپل عمر ختم شوے دے ، لکه ډیر زاړه چرته لګیدلی دی او اوس Non functional دی او ګورنمنټ لکه دا ډیپارټمنټ ئے نشی چلولے نو د هغې د پاره مطلب دا دے اختیار ورکول غواړی چې یره که پرائیویټ'انوسټرز' راځی او چلولے ئے شی نو هغه بیا Beneficial ده د صوبې د پاره، مونږ به ترې خپل Tariff هم چارج کوؤ او دغه به کوؤ، نو زه به دا خواست کوم چې یره دوئ دا خپل امنډمنټ واپس واخلی جی۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: منسټر صاحب جی ریکویسټ کوی، بالکل جی ما ته څه اعتراض نشته خو زما ریکویسټ دا دے جی چې دا د Reconsider کړی، ګورنمنټ ته هیڅ تکلیف نشته، که هغه ځایونه پرائیویټ دی، هغه رولز شته جی، طریقه کار ئے شته، قانون شته چې کله هغه غواړی خرڅولے ئے شی نو'آکشن' ئے کولې شی، طریقه کار خو شته کنه جی۔ تاسو یو ډیپارټمنټ له چې کوم کار ئے نه دے ، ولې دا دغه ورکوئ، هغه شته جی، طریقه کار د هغې د مخکښې نه موجود دے ، قانون ئے موجود دے۔

جناب سپیکر: څه بیا پکښې امنډمنټ راوړئ، اوس هغوی وائی چې Withdraw کړئ۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره بنه ده سر، تاسو هم وایئ او دوئ وائی نو د دواړو نافرمانی نه کوم جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: دې هاؤس ته لږ یو وخت پریبنودل غواړم۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: هغه هم ٹهیک شوه جی، تاسو هم وایئ سر، زه ئے Withdraw کوم۔

Mr. Speaker: The amendment withdrawn, original Clause 4 stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honorable Member in Clauses 5 to 13 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 5 to 13 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say' No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 5 to 13 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی)، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا
(خیبر پختونخوا ہائیڈل ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن)

Mr. Speaker: Honorable Minister for Law, on behalf of Energy and Power Minister, to please move for passage of the Bill.

Minister for Law: I urge this august House that the Khyber Pakhtunkhwa, Hydel Development Organization (Amendment) Bill, 2013 may be passed. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Hydel Development Organization (Amendment) Bill, 2013 may be passed without amendment? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

جناب سپیکر: بڑا لیٹ، مہرباں آتے آتے،

Those who are in favour of it may say 'Yes'. I repeat it again, those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

جناب سپیکر: شیر اعظم خان! بڑے عرصے بعد آپ آئے ہیں، آپ بڑے خوش ہیں، 'ویجز' بل پاس ہو گیا ابھی اور لاء کی طرف توجہ فرمائیں۔ Those who are against it may say 'No'.

Voices: No.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

این ایف سی ایوارڈ پر عملدرآمد سے متعلق ششماہی رپورٹ کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

(از جولائی تا دسمبر 2011)

Mr. Speaker: Hounrable Minister for Law, on behalf of Finance Minister, to please lay on the table of the House, the report of the Biannual Monitoring on the Implementation of NFC Award for the period from July to December, 2011.

Minister for Law: Thank you, Sir. On behalf of Minister Finance, I wish to present the report of Biannual Monitoring on the Implementation of the NFC Award, commencing from July to December, 2011, for the consideration of this House.

Mr. Speaker: It stands laid.

مجلس قائمہ برائے محکمہ زراعت کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Mr. Parvez Ahmad Khan, member, Standing Committee No. 5, on Agriculture, to please move for adoption of the report of the Committee, already presented in the House on 8th January 2013. Parvez Ahmad Khan.

Mr. Parvez Ahmad Khan: Thank you. On behalf of the Chairman, I beg to move that the report of the Standing Committee No. 5, on Agriculture Livestock and Cooperative Department, may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 5, on Agriculture, already presented in the House, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

(Applause)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ابھی ایک دو معزز اراکین نے، معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ان کو آپ ذرا چھٹی دیدیں: جناب وجیہہ الزمان صاحب 15-01-2013؛ ثناء اللہ خان میانخیل صاحب 15-01-2013 اور سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب 15-01-2013۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

(Interruption)

جناب سپیکر: ون بائی ون، لیڈیز فرسٹ، چلیں اس کو دیدیں، لیڈیز فرسٹ۔

رسمی کارروائی

(پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ علامہ طاہر القادری کا لانگ مارچ اور اسلام آباد میں دھرنا)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، بہت بہت شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، آج صبح دو بجکر پندرہ منٹ پر ایک سیاہ ترین وقت تھا کہ جب قادری صاحب نے اعلان کیا کہ اسمبلیاں Dissolve ہو گئی ہیں اور وہ سب جو ہیں اب سابقہ ہو گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں ان کیلئے ایک دو شعر کہنا چاہونگی اور اس کے بعد ان سے کچھ سوالات کرنا چاہونگی کہ:

جو نظام مے کشی سے کل تلک واقف نہ تھے — آج ان کے ہاتھوں میں ہے انتظام میکدہ

اور دے رہا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس شعر کو دوبارہ پڑھیں، وہ میاں صاحب نے نہیں سنا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، اس میں جو پارٹی کا لفظ ہے جناب سپیکر صاحب، اس میں جو پارٹی کا لفظ ہے، وہ ان تمام لوگوں کیلئے بھی ہو گا کہ جو خود سمجھ جائیں گے، میں نام نہیں لونگی کہ:

جو نظام مے کشی سے کل تلک واقف نہ تھے — آج ان کے ہاتھوں میں ہے انتظام میکدہ

اور دے رہا ہے آج ساقی جام بھر بھر کر جنہیں — جن کی نظروں میں نہیں ہے احترام میکدہ

(نعرہ ہائے تحسین)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اور پھر:

ساقی یہ بتا تیری محفل میں کیا انصاف ہے — قادری تو سیراب ہے ہم تشنگان میکدہ

اور آج قادری تو سیراب ہے تشنگان میکدہ۔

جناب سپیکر صاحب، قادری صاحب کا یہ جو غیر آئینی، قادری صاحب کا جو غیر قانونی، قادری صاحب کا غیر اخلاقی خطاب جناب سپیکر صاحب اور جس کو میں سب سے بڑا جھوٹا اس لئے کہتی ہوں حالانکہ وہ تعلیم تدریس دیتے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، سب سے جھوٹا آدمی کہ جو کل تک کہہ رہا تھا کہ 40 لاکھ لوگ میرے ساتھ ہیں، آج جب صبح ہوئی تو 10 لاکھ ہوئے جبکہ جناب سپیکر صاحب، تمام میڈیا، تمام رپورٹس یہ کہہ رہی ہیں کہ 40 ہزار یا 50 ہزار سے زیادہ لوگ اس کیساتھ نہیں ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، آج جو عبدالاکبر صاحب نے، پاکستان پیپلز پارٹی نے، آج جو 94 thousand لوگوں کو رزق، اللہ تعالیٰ رازق ہے لیکن آج اس اسمبلی میں جو لیجسلیشن ہوئی ہے جناب سپیکر صاحب، کیا قادری صاحب ایک بلٹ پروف شیشے میں بیٹھ کر یہ لیجسلیشن کر سکتے تھے؟ میرا خیال ہے نہیں کر سکتے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایسی کونسی پارٹی، یہاں پر بیٹھے ہوئے ہم تمام لوگ مختلف پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں جناب سپیکر صاحب، یہاں پر مجھے یہ بتادیں یہ تمام میرے دوست واحباب جو کہ ان اسمبلیوں میں ہیں اور جو اسمبلیوں سے باہر ہیں، کون ایسا لیڈر ہے کہ جو انتخابات کو التواء میں ڈالنا چاہتا ہے، یہاں پر Consensus ہے کہ انتخابات اپنے ٹائم پر ہونگے، پریزیڈنٹ آف پاکستان کہہ چکے ہیں، پرائم منسٹر آف پاکستان کہہ چکے ہیں، تمام صوبائی اسمبلیوں کے جو چیف منسٹرز ہیں، وہ کہہ چکے ہیں کہ انتخابات اپنے وقت پر ہونگے۔ جناب سپیکر صاحب، ایسا کونسا کینیڈا میں بیٹھا ہوا ڈاکٹر ہے کہ جس نے قادری صاحب کو پاکستان کے عوام کیلئے اتنا بڑا انجکشن محبت کا لگا دیا، عوام جو ہے، عوام کو تو انہوں نے اللہ کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا سردی میں اور خود بہت بڑے ایک لگژری کنٹینر میں، جس میں ڈبل بیڈ بھی پڑا ہوا ہے، جس میں اوون بھی ہے، جس میں جناب ہر قسم کی Facilities ہیں، اس میں انہوں نے آرام فرما کے اور صبح گیارہ بجے جناب سپیکر صاحب، پھر تازہ دم ہو کے آئے۔ جناب سپیکر صاحب، میں خود اپنی مثال دیتی ہوں کہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کا آج ایک حصہ ہوں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، اگر کسی کے پیچھے 10 لاکھ لوگ ہوتے ہیں تو جناب سپیکر صاحب وہ آتا ہے، اپنی جو تنظیم ہوتی ہے، اپنی پارٹی ہوتی ہے، اس کو رجسٹرڈ کرتا ہے اور پھر اس کے بعد پرائم منسٹر کی یا پریزیڈنٹ کی یا کسی اور منسٹری کی وہ خواب دیکھتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، قادری صاحب جو ہیں، وہ اتنے شارٹ کٹ میں آ کے کہتے ہیں کہ مجھے پرائم منسٹر بنادو، کس کھاتے میں آپ کو پرائم منسٹر بنادیں؟ جبکہ پاکستان پر جب برا وقت آیا، جب

زلزلے آئے، جب یہاں پر ہر قسم کی ہم لوگوں پر تکالیف آئیں، اس وقت پاکستان کی تمام اسمبلیوں نے، نیشنل اسمبلی نے، سینیٹ نے، تمام پارٹیوں نے پاکستان کا ساتھ دیا، اس وقت تو یہ کینیڈا میں بیٹھ کے مزے کر رہے تھے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں آج یہاں پر اپنی تمام پارٹیوں سے یہ درخواست کرتی ہوں جناب سپیکر صاحب، ہم پاکستان پیپلز پارٹی کے لوگ پاکستانی عدلیہ کا احترام کرتے ہیں اور ہم سر جھکا کے عدالتوں میں جاتے ہیں جناب سپیکر صاحب، چاہے ہمیں کوئی بھی قربانی دینی پڑے لیکن جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ ٹائم فریم جو ہے، وہ بالکل مشکوک ہو گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اس کے باوجود ہم قربانیاں دیتے رہیں گے، ہم عدالتوں کا احترام کرتے رہیں گے، ہم افواج پاکستان کا احترام کرتے رہیں گے لیکن جناب سپیکر صاحب، صرف مجھے ایک سوال کا جواب قادری صاحب دیدیں کہ جب دو مہینے الیکشن میں رہ گئے ہیں، دو مہینے کیئر ٹیکر گورنمنٹ کے رہ گئے ہیں، الیکشن کیلئے تمام انتظامات مکمل ہو گئے ہیں، چیف جسٹس آف پاکستان یہ کہہ رہے ہیں کہ انتخابات اپنے وقت پر ہونے چاہئیں تو جناب سپیکر صاحب، قادری صاحب تمام لوگوں کو، خاصکر پھر ان کی یہ دیکھ لیں کہ ایک لاکھ 70 ہزار Followers جو ہیں، وہ ان کے اپنے ہیں اور وہ بھی پورے نہیں آئے جو کہ 40، 50 ہزار کی جو Strength ہے، وہ ان کے پورے Followers کی بھی نہیں ہے اور جو خواتین ہیں، جو اپنے گھر سے بچوں کو لیکر آئی ہیں، وہ پاکستان کے عوام نہیں ہیں، وہ ان کی یونیورسٹیوں کے ٹیچرز ہیں، وہ ان کے اپنے Followers ہیں جن کو وہ یونیورسٹیوں میں، جو ان کی یونیورسٹیوں میں پڑھاتے ہیں اور جو ان کی یونیورسٹیوں کا ایک حصہ ہیں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہی یہ اخلاقی طور پر ان کو تو رات کو چلا جانا چاہیئے تھا کہ جب ان کے اپنے Followers، جو ان کی یونیورسٹیوں سے تعلق رکھتے ہیں، جو ان کی ہر بات پر لبیک کہتے ہیں، وہ بھی رات کو تقریباً کوئی 25، 30 ہزار تک نہیں پہنچے تھے اور سب سے بڑی بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب کہ ایک شخص جو کہ میں اس کو یہ کہونگی کہ سڑک پر بیٹھا ہوا ہے اور وہ یہ کہتا ہے کہ میں نے سب کو سابقہ کر دیا ہے، چیف جسٹس آف پاکستان سے میں یہ ریکویسٹ کرونگی کہ اس آدمی کو گرفتار کیا جائے، اس آدمی کو، غیر آئینی غیر قانونی طور پر بات کرنے والے کو گرفتار کر کے اس سے پوچھا جائے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جو ہمارے منسٹرز صاحبان یہ کہتے ہیں کہ فنڈنگ کہاں سے آ رہی ہے جناب سپیکر؟ ہمیں فنڈنگز کا بتایا جائے کہ یہ فنڈنگ ان کے پاس کہاں سے آ رہی ہے جو کہ یہ کہتے ہیں کہ ہم 100 دن بھی دھرنا دینگے اور آج جب ایک بات کہی گئی تو انہوں نے قوم کو مبارکباد دی، یعنی جمہوریت

کو 'ڈی ریل' کرنے، پاکستان پیپلز پارٹی اور اس کیساتھ جتنے بھی اتحادی ہیں اور ان کیساتھ جو اپوزیشن میں ہیں، وہ کسی طور پر بھی جمہوریت کو 'ڈی ریل' نہیں ہونے دیں گے، ہم عدلیہ کا احترام کرتے ہیں لیکن قادری کے Against جناب سپیکر صاحب، میں آخر میں گورنمنٹ سے یہ اپیل کرونگی کہ وہ یہاں پر ایک قرارداد مذمت لیکر آئے اور قادری صاحب کیلئے ایک مذمتی قرارداد جو ہے، کہ کسی شخص کو اختیار نہیں کہ وہ باہر سڑک پر بیٹھے، ہمیں سابقہ کہہ دے جناب سپیکر۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، مختصر مختصر بولیں تاکہ سب کو، آپ کی پارٹی کے بندے بھی کریں۔

جناب نصیر محمد میدادخیل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ان کے بعد، ان کے بعد۔

مفتی کفایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور محترمہ نگہت نے چونکہ وہ ماحول ایسا بنا دیا تو اب بغیر شعر کے مناسب نہیں ہوگا۔ میرے پاس ایک بہت بڑے جمہوری شخص اور شاعر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! مفتی صاحب شعر فرما رہے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: ہمارے استاد کی حیثیت رکھتے ہیں، نوابزادہ نصر اللہ خان، ان کے چند اشعار میں آپ کی نذر کرتا ہوں:

؎ اب دل میں نہیں اپنی کسی بات کی خواہش — نہ شوق حضوری نہ ملاقات کی خواہش
؎ صحرا ہے کھڑی دھوپ ہے لو چلتی ہے پھر بھی — بارش کی تمنا ہے نہ برسات کی خواہش
؎ زاہد وہ وظیفے میں اضافے کی تمنا۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: واہ قادری صاحب۔

(تالیاں)

مفتی کفایت اللہ: ؎ زاہد وہ وظیفے میں اضافے کی تمنا — زاہد کو ہے انعام و مراعات کی خواہش
ہم وہ کہ طلبگار تھے انوار سحر کے — کب کر دے کسی ایک ہی سیاہ رات کی خواہش
ایک جرم ہے یہ جس کی تلافی نہیں ممکن — اس دیس میں جمہوری روایات کی خواہش
ہم خاک نشین کوئی سیاست میں نہ آتے — لیکن یہ تھی ہر دور میں حالات کی خواہش

<u>جناب سپیکر:</u> بہت اعلیٰ، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> میاں نثار گل صاحب! آپ لوگ محظوظ نہیں ہو رہے ہیں، اتنی اچھی وہ ہو رہی ہے۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> آج کا دن اس لحاظ سے بہت زیادہ تاریخی دن ہے کہ آج دوبارہ ایک دفعہ اداروں کے درمیان ایک ٹکراؤ کی پوزیشن پیدا ہو گئی ہے۔ مجھے تو اس پر زیادہ بات نہیں کرنی لیکن کیا یہ کوئی Pre-planed تو نہیں ہے کہ قادری صاحب کو وہی وقت بتا دیا جاتا ہے جو ساعت کا وقت ہے اور یہ کوئی ایسا تو نہیں کہ اس کو بتا دیا کہ دوران تقریر آپ کو مبارکباد پیش کرنے کا موقع ملے گا؟ میں کہتا ہوں خدا نہ کرے ایسا ہو، اگر ایسا ہے تو پھر بہت ساری وضاحتیں شروع ہونگیں۔ طاہر قادری صاحب کو یہ بتانا ہو گا کہ وہ طاہر قادری ہیں یا طاہر کیانی ہیں؟ (تالیاں) اور اگر خدانخواستہ ایسا ہے تو وہ افواج جن کا ہم احترام کرتے ہیں، قدر کرتے ہیں، ان کو اپنی پوزیشن واضح کرنا پڑیگی۔ کونسی افتاد آ گئی ہے، دو مہینے بعد تمام کے تمام لوگ انتخابات میں جا رہے ہیں اور انتخابات ہی واحد راستہ ہے کہ اس میں تولا جائے کہ ہم نے کس طرح Deliver کیا ہے؟ عوام کی عدالت سب سے بہتر عدالت ہے اور اس کو موقع دیا جانا چاہیئے تاکہ وہ جا کر عوام کی عدالت میں لوگ جائیں اور ہماری جمہوریت 'ڈی ریل' نہ ہو۔ جناب سپیکر، ان کا نعرہ "سیاست نہیں ریاست بچاؤ" آپ مجھ سے زیادہ اچھی طرح جانتے ہیں، آپ ایک بہت پرانے پارلیمنٹیرین ہیں کہ یہ نعرہ سب سے پہلے ایوب خان نے لگایا تھا لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ گیارہ سال ایوب خان نے لگا دیئے، تین سال یحییٰ خان نے لگا دیئے، پھر جنرل ضیاء الحق نے یہ نعرہ لگا دیا اور آخر میں پرویز مشرف نے لگا دیا۔ ٹھیک ہے وہ نعرہ، یہ نہیں ہو گا، مفہوم یہ ہے لیکن مجھے ان غیر جمہوری ادوار میں بتا دیا جائے کہ کیا ریاست بچ گئی ہے؟ میں یحییٰ خان کے دور کو Quote کرونگا اور بتانا چاہونگا کہ یحییٰ خان کے دور میں مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن گیا ہے اور ضیاء الحق صاحب کے دور میں ہم نے سیاچین کا ایک بہت بڑا علاقہ گنوا دیا ہے۔ جب ایوب خان، یحییٰ خان، ضیاء الحق اور مشرف کے دور کے اندر ریاست بچانے کا کوئی راستہ نہیں رہا، ریاست گنوا دیا اور قائداعظم محمد علی جناح کا پاکستان تباہ ہو گیا، ختم ہو گیا تو اس کے پھر معنی یہ ہیں کہ اگر ریاست بچی ہے تو ان جمہوری لوگوں کی وجہ سے بچی ہے، ان کی قربانیوں سے بچی ہے۔ اگر یہ ریاست کی بات نہ ہوتی تو ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی نہ ہوتی، اگر یہ ریاست بچانے کی بات نہ ہوتی تو بینظیر بھٹو کو پھانسی نہ ہوتی اور آج میں فخر سے کہتا ہوں کہ اگر ریاست بچانے کی بات نہ ہوتی تو بشیر

بلور زندہ ہوتا، وہ شہید کبھی نہیں ہوتا۔ (تالیاں) مجھے بہت زیادہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ چوبیس گھنٹوں کیلئے عوام کی رائے کو تسلیم نہیں کیا گیا، چوبیس گھنٹوں کیلئے اور جب ہم مثال دیتے ہیں کہ ہمارے قریب ایک جمہوریہ ہے اور وہاں پر سخت حالات بھی آئے ہیں، بھارت کے اندر لیکن انہوں نے اٹیک نہیں کیا اور وہاں جمہوری پراسیس چل رہا ہے، لوگ Mature ہو گئے، پھر ہمارے اوپر کونسی افتاد آ گئی ہے کہ ہماری رائے کا احترام نہیں کیا جاتا؟ جب رائے کا احترام نہیں ہوتا تو ملک دولخت ہوتا ہے اور آج بہت زیادہ سازش کے ذریعے، جب بھی کسی ملک کو دولخت کیا جاتا ہے تو پہلے اس کے بانی کو متنازعہ بنایا جاتا ہے، اس کے بانی کے خلاف بات کی جاتی ہے، لوگوں کا پریشر ٹیسٹ کیا جاتا ہے کہ ہم جب قائداعظم کے بارے میں بات کریں گے تو لوگوں کا کیا Response ہو گا؟ اگر یہ لوگ خاموش ہو گئے تو کل دھڑلے سے بات کریں گے اور پھر وہ کہیں گے کہ جو شخص خود ایسا تھا، اس نے جو ملک بنایا ہے، وہ بھی ایسا ہے، اس طرح وہ ملک کو توڑنے کی بات کریں گے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ابھی کچھ لوگ زندہ ہیں، ابھی کچھ لوگ اس ملک سے زیادہ اخلاص کرنے والے ہیں اور ان شاء اللہ یہ جمہوری جماعتیں، یہ جمہوری سسٹم، جب تک ان کا ایک کارکن بھی زندہ رہے گا، پاکستان کا کوئی بھی بال بھیگا نہیں کر سکتا، ان شاء اللہ العزیز۔

(تالیاں)

جناب سپیکر، "سیاست نہیں ریاست بچاؤ"، اس نعرے میں مجھے بو آتی ہے اور وہ بو بھی غیر جمہوری ہے۔ آج میں معذرت سے کہتا ہوں، عمران خان جب آیا تو ان کو اس طرح آزمایا گیا کہ یہاں پر Dual system نظام ہے، کبھی پیپلز پارٹی آتی ہے، کبھی مسلم لیگ والے آ جاتے ہیں، وہ اس نظام کو توڑنا چاہتے ہیں، یہاں تیسری قوت کو پیدا کرنا چاہتے ہیں، یہی کام ضیاء الحق نے کیا اور ضیاء الحق جب یہ کام کر رہا تھا تو اس نے حکومت کو بھی استعمال کیا، ریاست کو بھی استعمال کیا، فوج کو بھی استعمال کیا اور پیپلز پارٹی کا وہ مقابلہ کرنا چاہتا تھا لیکن اگر آج عوام پیپلز پارٹی کیساتھ ہیں تو آج بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ کوئی آمر پیپلز پارٹی کو ختم نہیں کر سکا، کوئی جمہوری پارٹی کو ختم نہیں کر سکا۔ (تالیاں) آج بھی وہ زندہ ہے اور ان شاء اللہ ان کو بتا دینا چاہیئے کہ وہ زندہ رہیں گے اور آپ کا ایجنڈا پورا نہیں ہو گا۔ جناب سپیکر، خطے کی پوزیشن آپ کو معلوم ہے، امریکہ بھاگنا چاہتا ہے اور امریکہ 2014 کے اندر بھاگ جائیگا، امریکہ کو ہم جمہوری لوگ پسند نہیں ہیں، وہ بنگلہ دیش ماڈل کے لوگ لانا چاہتے ہیں، جس میں کوئی جج بیٹھا ہو، ریٹائرڈ جرنیل بیٹھا ہو، جس کے اندر کوئی بیوروکریٹ بیٹھا ہو اور وہ دو سال کی ریلیف مانگنا چاہتا ہے تاکہ 2014

میں جو امریکہ افغانستان سے بھاگ رہا ہے، نڈر پختونوں کا مقابلہ کرتے کرتے ان کو 'شلٹر' دے دیا جائے۔ ویتنام کی طرح بدنامی سے وہ بچنا چاہتا ہے اور اس کیلئے پاکستان کو استعمال کیا جاتا ہے۔ میں داد دیتا ہوں تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے اکابرین کو کہ جو آپس میں مختلف ہیں لیکن آج اس موقع پر وہ ایک ہیں، وہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہم غیر جمہوری سسٹم کو یہاں رائج نہیں ہونے دینگے۔

(تالیاں)

جناب محترم قادری صاحب! آپ تو شیخ الاسلام ہیں، میں آپ کے بارے میں بولونگا تو لوگ کہیں گے کہ مولوی دوسرے مولوی کے بارے میں بولتا ہے لیکن میں عرض یہ کر رہا ہوں کہ کس طرح آپ 40ہزار آدمیوں کو 18 کروڑ عوام کی تقدیر حوالہ کرتے ہو؟ آپ کے 40ہزار آدمی تو مجھ جیسا کمزور آدمی جو کہ میں مولانا فضل الرحمان کا ایک چھوٹا سا ورکر ہوں، وہ بھی جمع کر سکتا ہوں تو ہر ایک ایسا آدمی جو ایم این اے بنتا ہے، اس کے پاس 40ہزار لوگ ہوتے ہیں، جو ایم پی اے بنتا ہے، اس کے پاس 20ہزار لوگ ہوتے ہیں، اگر دو ایم پی ایز مل کر چڑھائی کریں تو کیا سسٹم کو تباہ کر دیا جائے؟ نہیں، میں پاکستان کے عوام کو سلام پیش کرتا ہوں کہ جب اس نے 50 لاکھ کا دعوی کیا تو لوگ نہیں آئے، لوگوں نے یہ بتا دیا کہ قادری ایجنڈا منظور نہیں، امریکی ایجنڈا منظور نہیں، یہاں عوامی ایجنڈا چلے گا ان شاء اللہ العزیز۔

(تالیاں)

انتہائی قابل احترام جناب سپیکر، ہم محترم قادری صاحب سے کہتے ہیں کہ یہ آپ کا ملک ہے، آپ کو اختیار ہے کہ آپ یہاں پر آکر سیاست لڑیں لیکن پہلے اپنے آپ کو تولیں تو سہی کہ آپ کا حجم کتنا ہے؟ یہاں 120 جمع پارٹی ارکان قومی اسمبلی ہیں پیپلز پارٹی کے پاس اور ان کے لیڈر کا نام آصف علی زرداری ہے اور 90، 91لوگ ہیں میاں نواز شریف کے پاس، اس طرح کے 53 لوگ ہیں Q والوں کے پاس، اس طرح کے 25لوگ ہیں ایم کیو ایم کے پاس، اس طرح 15 لوگ ہیں اے این پی کے پاس، 10، 11 ہمارے پاس ہیں، ہر ایک آدمی کو تولا گیا ہے، کسی کے پاس ایک ہے یا دو ہیں، چاہیئے کہ جو لوگوں نے مینڈیٹ دیا ہے، اس مینڈیٹ کے مطابق بات کریں۔ ایک آدمی جس کے پاس کوئی سیٹ نہیں ہے اور اس عمل سے نہیں گزرتا، وہ کس طرح آکر بدمعاشی کرتا ہے؟ وہ کہتا ہے میں گولی نہیں چلاتا، وہ کہتا ہے میں گملا نہیں توڑتا، وہ کہتا ہے میں شیشہ نہیں توڑتا لیکن آپ کا یہ عمل پاکستان کے اس آئین کے خلاف ہے، آپ کا عمل غیر آئینی ہے اور ان شاء اللہ آپ بیٹھے رہو، اس روز وقت آئے گا کہ یہ سارے عوام چلے جائیں گے، قادری اکیلا رہے گا اور

معلوم ہو جائے گا کہ آئینی حکومت چلے گی، غیر آئینی حکومت نہیں چلے گی۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں مانتا ہوں، ہمارے اندر کمزوریاں ہیں، میں مانتا ہوں کہ ہمارے اندر کمزوریاں ہیں لیکن ہمارے درمیان مختلف زبانیں بولنے والے لوگ ہیں، ہمارے درمیان مختلف وحدتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں، مختلف برادریوں کے لوگ ہیں، ہم کس طرح اکٹھے ہونگے؟ ہر ایک آدمی اپنی الگ سوچ رکھتا ہے لیکن یہ جو آئین پاکستان ہے، یہ ہمارے درمیان ایک میثاق ملی ہے، ایک قومی معاہدہ کیا ہے، ہم سب لوگوں نے 1973 کے آئین پر تمام جماعتوں نے مل کر Sign کر دیا کہ ہمارے جھگڑے کا، نزاع کے ختم ہونے کا ذریعہ آئین ہے۔ آج اگر کوئی جمہوری آدمی آکر آئین کو بلڈوز کرتا ہے، وہ بھی قابل مذمت ہے اور غیر جمہوری آدمی، کوئی جرنیل آکر یہ کام کرتا ہے تو وہ بھی قابل مذمت ہے اور آج محترم شیخ الاسلام یا طاہر القادری میرے آئین پر پاؤں رکھتا ہے، میں عرض کرتا ہوں، یہ آئین قرآن تو نہیں ہے لیکن قرآن و حدیث کے بعد، فقہ کے بعد یہ سب سے مقدس دستاویز ہے اور میں جیتے جی کسی کو یہ اجازت نہیں دونگا کہ یہ پامال کرے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، انہوں نے یہ کہا تھا کہ آپ کیا کرو؟ آپ نگران وزیر اعظم بناتے ہو تو آپ فوج سے پوچھو، آپ نگران وزیر اعظم بناتے ہو تو آپ جج سے پوچھو۔ اس وقت مجھے اندازہ لگ گیا تھا کہ یہ Mutual understanding ہے، اٹھارہویں ترمیم کے تحت یہ بتایا گیا کہ لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس یہ دونوں عوامی نمائندے ہیں، یہ دونوں مل کر نگران سیٹ اپ تشکیل دیدیں گے۔ کیا ہم اتنے نااہل ہوگئے کہ نگران وزیر اعظم نہیں لا سکتے؟ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ ملک، صدر زرداری جب صدر تھا، یہ کہا گیا کہ یہ Powers delegate نہیں کرے گا، پارلیمانی جمہوریت کیلئے خطرہ ہے تو وہی زرداری نے ساری پاورز گیلانی کو دے دیں اور یہ بتا دیا کہ پاور کی بات نہیں ہے، (تالیاں) ہم پارلیمانی نظام کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں، پھر ایک موقع ایسا بھی آیا کہ بتایا گیا Autonomous body بنادو الیکشن کمیشن کو، ایک غیر متنازعہ شخص کو لایا گیا، اختیار بھی اس کے پاس ہے، یہ گویا پیپلز پارٹی نے اپنے پاؤں پر کلہاڑا مارا لیکن عوام کیلئے، پاکستان کیلئے انہوں نے اس کو بھی برداشت کیا۔ (تالیاں) جب ہم اپنی پاورز کو Delegate کر لیتے ہیں، وزیر اعظم کو دیدیتے ہیں، پارلیمانی نظام کو مستحکم بنا دیتے ہیں، 58 (2) b وہ جو ہمارے پاس ایک کلہاڑی تھی، وہ واپس ہو گئی ہے، عوامی نمائندے کے پاس آگئی ہے اور ساتھ ساتھ اگر ہم ایک آزاد الیکشن کمیشن تشکیل دیتے ہیں تو قادری صاحب! ہم آسانی سے بیٹھ کر ان شاء اللہ نگران وزیر اعلیٰ، نگران وزیر اعظم بھی بنائیں گے، آپ

کی باری نہیں آئے گی ان شاء اللہ العزیز، آئین کے مطابق ہو گا۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں، میرے ساتھی ناراض نہ ہوں، بلوچستان کے حالات میں وہاں گورنر راج نافذ کر دیا گیا۔ جب ہم نے گورنر راج نافذ کر دیا تو ہم بلیک میل ہو گئے، ہمارے اندر ایک راستہ پیدا ہو گیا، وہاں اچھا حل یہ تھا کہ ہاؤس کے اندر تبدیلی لائی جاتی، ایک وزیر اعلیٰ کو تبدیل کر کے ایک اور وزیر اعلیٰ کو لایا جاتا۔ میں گورنر راج کی حمایت نہیں کر سکتا، میں ان تمام مقتولین کیساتھ ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں لیکن ساتھ عرض کرتا ہوں کہ آپ کے دکھوں کا مداوا بھی جمہوری سسٹم کے اندر ہے، جمہوری سسٹم کے علاوہ کوئی مداوا نہیں ہے لیکن یہ نہ سمجھا جائے کہ خیبر پختونخوا ہے، یہاں کوئی مائی کا لال گورنر راج لائے گا، ان شاء اللہ ایک دن بھی حکومت پہلے نہیں چھوڑیں گے، گورنر راج نہیں چھوڑیں گے، ان شاء اللہ والعزیز۔

(تالیاں)

جناب سپیکر، پاکستان آگے جا رہا ہے، ترقی کر رہا ہے، مزید Mature ہو رہا ہے، یہ اور آگے جا رہا ہے، کچھ نادیدہ قوتیں اس کو آگے نہیں جانے دیتیں۔ میں آج تمام لوگوں کی طرف سے جھولی پکڑ کر نادیدہ قوتوں سے کہتا ہوں کہ خدا کیلئے ہمیں تربیت لینے دو، ہمیں مہذب ہونے دو، جمہوریت ہمیں دے دو، جمہوریت اگر نہیں ہے تو ہمارے پاس کونسا راستہ ہے؟ اس ملک کو اگر بچانا ہے تو وہ جمہوری راستہ ہے اور ان شاء اللہ العزیز جمہوری راستے کے ذریعے یہ بچے گا۔ ہم ان کی خواہشات کو مکمل نہیں ہونے دینگے ان شاء اللہ العزیز۔ جناب سپیکر، میں آخر میں اس موضوع کے مطابق ایک اور شعر آپ کی نذر کرنا چاہتا ہوں اور ان لوگوں کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ جو ہماری اسمبلی کے دنوں کو گنتے ہیں، ان شاء اللہ 16 مارچ کو جائینگے، جشن منا کر جائیں گے ان شاء اللہ، جشن منا کر جائیں گے (تالیاں) اور ان قوتوں کو، ان قوتوں کو یہ عرض کر دیتا ہوں، نوٹ کر دیا جائے، ایک ایک لفظ کا ایک مطلب ہے، نوٹ کر دیا جائے اور وہ یہ کہ یہ شہیدوں کی سرزمین ہے، یہ مجاہدین کی سرزمین ہے، ہمیں آگے بڑھنے دیا جائے، ہمیں تاریک اندھیروں میں نہیں رکنا چاہیئے، نہیں، واپس کرو، آپ ظالم ہو، ان ظالموں کو اعلان کرتا ہوں۔

ؔ ظالم کو اگر ظلم کا انعام دیا جائے — اس حادثہ وقت کو کیا نام دیا جائے

ؔ میخانہ کی توہین ہے رندوں کی ہتک ہے — نااہل کے ہاتھوں میں اگر جام دیا جائے

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔یہ چونکہ ایشو ایسا اٹھایا گیا ہے کہ تمام پارٹیوں کے بڑے پارلیمانی لیڈرز کو موقع دے رہا ہوں تو نماز کا وقت بھی ہو گیا ہے، آپ سب بولیں گے لیکن وہ میداد خیل صاحب بہت پہلے کھڑے تھے۔آج تلخ باتیں نہیں ہونگیں اپنے درمیان، خالی اس ایشو پر بات کرنی ہے تو وہ بھول جائیں پرانی بات اور Criticism اپنے درمیان نہیں کریں گے آج۔اذان میں کتنا ٹائم ہے؟ایک دو منٹ بولیں لیکن جلدی بولیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ایک موقع بعد میں دیدیں۔

جناب سپیکر: دیدیں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی نصیر محمد خان!آپ ابھی کرنا چاہ رہے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: میرا مطلب ہے کہ اگر اذان ہو گئی تو نماز کے بعد باقی بول لوں گا، اگر اس سے پہلے ختم کر سکا تو پہلے ختم کر لونگا۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، ما لہ د فلور را کړے دے۔

جناب سپیکر: آپ نماز کے بعد پڑھیں، وقت ختم ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: چلیں بولیں جی، بولیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، آج پہلے ایک اہم مسئلہ توجہ دلاؤ نوٹس کے ذریعے آپ کے اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دیا ہے لیکن وقت اور حالات کے پیش نظر میں پوائنٹ آف آرڈر پر وہ مسئلہ آپ کے اور پورے ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہ رہا ہوں۔جناب سپیکر، اس وقت ہمارے صوبے میں یونیورسٹیوں کیلئے وائس چانسلرز کی تعیناتی کا مسئلہ درپیش ہے۔جناب سپیکر، اس سلسلے میں حکومت نے ایک سرچ کمیٹی بھی بنائی تھی جنہوں نے شارٹ لسٹنگ اساتذہ کی کرنا تھی، جو قابل ہیں وائس چانسلر بننے کے۔جناب سپیکر، ایک اہم مسئلہ اس میں یہ درپیش آیا کہ حکومت نے جو سرچ کمیٹی بنائی، اس میں ان ممبران کو لیا گیا جو Already خود اس پوسٹ کیلئے امیدوار تھے۔جناب سپیکر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کی سرچ کمیٹی کی بات ہو گئی جی، اس کا جواب نہیں ملے گا اس وقت، بس آپ کے دل کی جو تمنا تھی وہ پوری ہو گئی۔

The Sitting is adjourned for twenty minutes for prayers and tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب قلندر خان لودھی صاحب۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: سر! میر اوہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه بس ختم شو جی ستا۔ قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر۔ میں مشکور ہوں جناب سپیکر کہ آپ نے مجھے فلور دیا۔ جناب سپیکر، آج بڑا اہم دن ہے، اس پر ایک بڑی لانگ مارچ بھی ہو رہی ہے اور اس پر سپریم کورٹ کا ایک فیصلہ بھی آیا، میرے دوستوں نے بھی باتیں کیں اور معزز اراکین نے بھی اس پر اپنی رائے دی۔ جناب سپیکر، میں پہلے آپ کو ایک واقعہ، ایک بات بتاتا ہوں اس فلور پر کہ ایک گاؤں میں نمبردار تھا تو اس کا بڑا، صحت تھی اس کی، تو وہاں اس کے پڑوس میں ایک لڑکا تھا، وہ تھوڑا پڑھ لکھ گیا تو اس نے ایک دن اپنی ماں سے سوال کیا کہ یہ نمبردار اگر مر جائے تو اس کے بعد کون بنے گا؟ اس نے کہا کہ اس کا بیٹا بنے گا۔ اس نے کہا کہ اگر یہ بھی مر جائے تو پھر کون ہوگا؟ اس نے کہا کہ اس کا پوتا بنے گا۔ اس نے پھر آگے پوچھا تو اس کی ماں نے اس کو جواب دیا کہ یہ سبھی مر جائیں تمہیں نمبردار کوئی نہیں بنائے گا۔ جناب سپیکر، میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ جمہوری قوتیں جو ہیں، یہ جمہوری پارٹیاں جو ہیں، جو اتنے ملکوں میں ہیں، انہوں نے اقتدار میں آنا ہے، انہوں نے اقتدار میں رہنا ہے اور پھر یہ کہنا کہ یہ سب لوگ کرپٹ ہیں، یہ سب نااہل ہیں تو یہ اٹھارہ کروڑ لوگوں کو گالی دینی ہے جو کہ یہ اٹھارہ کروڑ لوگوں نے ان کو بنائے اپنے نمائندے، یہ ووٹ ویسے تو نہیں پڑ جاتے، یہ لوگ ڈالتے ہیں تو جو لوگ (گالی) دیتے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ وہ نمائندے کو نہیں دیتے ہیں، یہ ان کو دیتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر کہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ آپ کی گورنمنٹ نے جو بڑا اچھا Step لیا سوات والوں کیساتھ، صوفی محمد کیساتھ مذاکرات ہوئے، بڑے اچھے کامیاب مذاکرات ہوئے، یہاں پشاور میں بڑے اس کیساتھ ڈائیلاگ ہوئے، بڑے کامیابی سے ہو گئے لیکن کبل کے میدان میں اس نے یہ بتانے کیلئے کہ میں نے گورنمنٹ کیساتھ کیا معاملات کئے ہیں، یہ بتانا وہ چاہتا تھا، لوگ جمع ہو گئے کہ یہ کیا بات کرے گا، اتنے عرصے کے بعد افغانستان سے، ادھر سے آیا ہے اور بہت سارے لوگ چونکہ اس کیساتھ مارے بھی گئے افغانستان میں، تو وہ لوگوں کا کچھ اور فہم تھا، وہاں جب آیا تو میں بڑے اچھے طریقے سے ٹی وی پر دیکھ رہا تھا جناب سپیکر، وہ پہلے بیٹھا ہوا تھا، جب اس نے میدان پر نظر

ڈالی، اس نے دیکھا کہ اتنے بڑے لوگ ہیں تو وہ چلنا شروع ہو گیا، میرا خیال ہے کسی اور نے بھی اس کو نوٹ کیا ہو گا، وہ اس وقت چلنا شروع ہو گیا تو میں نے اسی وقت سوچا کہ اس کے دماغ میں فتور آ گیا، یہ چلا گیا، بس اب یہ نکل گیا، تو جناب سپیکر، اب یہ ایک جلسہ کر کے طاہر القادری صاحب نے اس کے بعد اتنا بڑا مسئلہ، میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک طرف اگر کوئی بات کرتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ہماری گورنمنٹ، ہماری Writ کو چیلنج کر دیا تو یہاں یہ میں گورنمنٹ سے پوچھنا چاہتا ہوں، پنجاب کی گورنمنٹ سے، فیڈرل گورنمنٹ سے کہ آیا اس نے Writ کو چیلنج نہیں کیا؟ ٹھیک ہے کہ ایک آدمی اصلاحات کی بات کرتا ہے، ریفارمز کی بات کرتا ہے، وہ کوئی بھی کر سکتا ہے، اچھی بات کوئی بھی کر سکتا ہے، اس میں آدمی سوچتا ہے لیکن یہ کیا بات ہوئی کہ جب اور جہاں جہاں وہ ایک Step آگے بڑھتا ہے تو اس کے ذہن میں اور فتور آ جاتا ہے اور اس کو آگے Allow کیا جاتا ہے۔ ٹھیک ہے جو مرضی ہے، اب وہ کہہ رہا ہے، یہاں جب پہنچا ہے، چونکہ میری پارٹی جو بڑی مصلحت والی اور جمہوری پارٹی ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ملک میں ترقی ہو، ملک چلے اور جنگ و جدل سے یہ بچ جائے تو اسلئے انہوں نے دو دفعہ اس کیساتھ مذاکرات کئے، سب لوگوں نے دیکھا۔ ہم نے اپنی پارٹی سے، 3 تاریخ کو ہماری میٹنگ تھی، ہم نے پوچھا جی کہ آپ کیوں اس سے ملے ہیں؟ وہ اتنا بڑا ہے کہ آپ چوہدری یا اتنے بڑے پارٹی کے ہیڈ؟ اور ایک Say ہے آپ کا پنجاب میں، تو چوہدری صاحب نے جواب دیا کہ اگر میں اس کو نہ ملوں تو اس سے کون ملے گا؟ اس کو روکنا تو ہے، اس کو بٹھانا تو ہے، اس ملک کو ٹکراؤ سے بچانا تو ہے۔ یہ لوگ ہمارے تنگ ہیں، اپنے اپنے مسئلے ہیں ہر ایک کی، طاہر القادری کے پیچھے کوئی نہیں آئے گا، لوگوں کی اپنی پریشانیاں ہیں ہر ایک کی، کسی کی مہنگائی کی ہے، کسی کی کس کی ہے، کس کی کس کی ہے تو اس کے پیچھے یہ لوگ جمع ہو جائینگے تو ہم اس کو تھوڑا سا روکنا چاہتے ہیں۔ پھر دوبارہ انہوں نے کوشش کی، ابھی اس نے وعدہ کیا تھا کہ میں اسلام آباد آؤں گا تو میں چوہدری صاحب سے مذاکرات کروں گا، چاہے وہ گورنمنٹ میں ہے یا جو بھی اس کی پارٹی ہے لیکن اس نے یہاں آ کر اس کی نیت ہی خراب ہو گئی ہے۔ اب دیکھیں جناب سپیکر، کتنی بڑی ظلم کی بات ہے، امام عالی مقامؓ، انؓ کا مقام اور یہ کہہ رہا ہے کہ یہ کربلا کا میدان ہے۔ اب یہ دیکھیں، یہ قوم، ہماری قوم، خود اس نے ڈائریکٹ کہا، کیا جو کچھ وہ کھا گیا وہ کھا گیا، وہ نہیں دیکھتے کہ اس نے کچھ کھایا ہے کہ نہیں کھایا، وہ کہتے ہیں مار واس کو، یہ کھا گیا۔ اب وہ کہتا ہے کہ امام عالیؓ مقام کیساتھ یہ ہوا، انؓ کا پانی بند کر دیا، انؓ کا فلاں بند ہو گیا اور یہ آج فیصلے کا دن ہے۔ بھئی، آپ کدھر اور کدھر انؓ کی شان، وہاں آپ اپنے آپ کو پہنچا رہے ہیں، کتنا بڑا ظلم ہے؟ پھر جناب سپیکر، اخلاقی کوئی

Bindings ہوتی ہیں، جرات ہوتی ہے، جو کام میں کر سکتا ہوں تو میں کہوں کہ میں نے کیا اور جو سپیکر صاحب کی مہربانی سے ہوتا ہے تو مجھے اخلاقی جرات ہونی چاہیئے کہ میں یہ کہوں کہ یہ کام مجھے سپیکر صاحب نے کر کے دیا یا یہ انہوں نے کیا یا میرے چیف منسٹر نے کیا۔ اس میں یہ نہیں ہے کہ سب کو اپنے لیبل لگائیں، اب وہ تقریریں، وہ امام ہیں، شیخ الاحدیث جو بھی اپنے آپ کو کہتا ہے، مفتی صاحب نے اس کی اچھی تعریف کر دی ہے، میں Repetition میں نہیں جاتا تو وہ اسلئے اتنی بڑی باتیں کرنے کے بعد جب سپریم کورٹ کا فیصلہ آیا، جو چھ مہینے، سال پہلے سے ایک کیس چل رہا ہے، تو سپریم کورٹ Supper ہے، وہ سپریم ہے جو بھی فیصلے کرتی ہے، جس وقت اس کا فیصلہ آگیا، اتفاقاً فیصلہ اس دن آگیا جس دن اس کا بھی کیمپ لگ گیا، تو اس کو چاہیئے تھا کہ، گورنمنٹ میں یہ کمی تھی، وزیراعظم میں یہ کمی تھی، یہ بات تھی، ان کے سامنے یہ رکھتا، اس کی گرفتاری کا آرڈر آگیا، یہ کہتا ہے کہ مبارک ہو، بھئی کس چیز کی مبارک ہو؟ لوگوں کو تو پتہ نہیں تھا، ٹی وی تو نہیں دیکھ رہے تھے، اس نے یہ تاثر دیدیا کہ میری وجہ سے وزیراعظم چلا گیا، کتنا بڑا جھوٹ، کتنا بڑا ظلم اس قوم کیساتھ، کتنا بڑا ڈرامہ، حقیقت کو چھپا رہا ہے اور لوگوں کو لڑا رہا ہے۔ اب اس کے بعد ہر بات پر وہ قسم لے رہا ہے کہ مجھے اکیلا چھوڑ و گے؟ جاؤ گے نہیں، آؤ بھئی، تم ان لوگوں کو مرواؤ گے، یہاں یہ سردی سے مر جائیں گے، وہ بچے ہیں، وہ عورتیں ہیں اور ایک طرف تم دین کی بات کرتے ہو، دوسری طرف تم نے سب عورتوں کو جمع کر دیا، مرد کم تھے، جلسوں میں تو مرد مزہ کرتے ہیں، تو جب ہر بات میں اس کا اتنا بڑا تضاد ہے لیکن جناب سپیکر، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں صاحب اختیار سے کہ یہ اس کو کس لئے، اگر آخر میں یہ بیٹھ گیا تو اس کے بیٹھنے سے اربوں کا نقصان ہو رہا ہے میری قوم کا، میرے لوگوں کے کاروبار اور وہ غریب جس نے ایک دیہاڑی لگانی ہے اور رات کو اس کا چولہا جلنا ہے، اس کا کون ذمہ دار ہو گا؟ وہ تو اسلام آباد میں نہیں نکل سکتا اپنی مزدوری کیلئے، کاروباری آدمی اپنے کاروبار کیلئے نہیں نکل سکتا اور گورنمنٹ تماشہ دیکھ رہی ہے، پنجاب والی بھی اور پھر اس کے بعد فیڈرل نے یہاں آکر اس کو موقع دیدیا، یہاں یہ بیٹھ گیا، اب یہ بیٹھ گیا تو یہ لوگوں کو قسمیں بھی دے رہا ہے اور قرآن کی وہ سب باتیں بھی بتا رہا ہے اور کربلا کا واقعہ بار بار، تاکہ مجھے چھوڑ کر نہ جائیں اور جب یہ اتنے دن بیٹھیں گے تو یہ بوجھ کس پر ہے؟ ہم اس ملک کو بنا رہے ہیں یا تباہ کر رہے ہیں جناب سپیکر، اب اس کے بعد یہ ہو گا کیا؟ اگر یہ مذاکرات نہیں کرے گا تو آخر میں گورنمنٹ نے اس کیساتھ نمٹنا تو ہے ہی، تو یہ اگر بعد میں کرنا ہے تو یہ پہلے کیوں نہیں؟ اور ہم کہتے ہیں ہر بات پر جناب سپیکر کہ اس نے Writ کو چیلنج کر دیا، ہماری Writ مانے تو ہم اس

کیساتھ مذاکرات کرتے ہیں۔ یہ کیا کہہ رہا ہے؟ صدر چلا جائے، وزیراعظم چلا جائے، اسمبلیاں چلی جائیں، سب کچھ چلا جائے، سب کچھ کرپٹ، سارے کرپٹ، سارے چور اور اس کو کوئی نہیں پوچھتا کہ اس پر کوئی دفعہ نہیں لگتی، کوئی عدالت اس کی بات نہیں سن رہی۔ جن کا اختیار ہے اس ملک پر، وہ اس کو نہیں دیکھ رہا، اس کو چھوڑ دیا، کیوں چھوڑ رہے ہیں؟ جب اس آدمی کو آپ اپنے گاؤں میں، اگر ایک آدمی کو آپ اتنا موقع دیں گے جو اس قسم کا ہوگا تو وہ تو آپ کے منہ کے سامنے آ بیٹھے گا، تو یہ گورنمنٹ نے اس کو اپنے منہ کے سامنے بٹھا لیا تو اب اس کو سنبھالنا پڑے گا لیکن اس کا میں مخالف ہوں، اس کے جلوس کو ہی نہیں نکلنے دینا چاہیئے تھا، پنجاب گورنمنٹ کو روکنا چاہیئے تھا، جلسہ اس نے کر دیا، کر دیا، اس کے بعد دو مہینوں کے بعد الیکشن ہونے ہیں، وہ آئے الیکشن میں اپنے آپ کو ٹیسٹ کرے اور اگر لوگ اسے ووٹ دیتے ہیں تو ٹھیک ہے، وہ بنائے جو کر سکتا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، ہم سب تھوڑا تھوڑا اپنی ذمہ داریوں سے ہٹ جاتے ہیں، بعد میں وہ ہمارے گلے پڑ جاتی ہیں۔ جناب سپیکر، اب اس کیساتھ وہاں میری قوم کی بیٹیاں ہیں، بہنیں ہیں، بچے ہیں، معصوم ہیں، ان کو ضرورت ہوتی ہے، دو تین گھنٹے کے بعد کسی کو کیا چیز کی ضرورت ہے، ہر ایک کی اپنی اپنی ضرورتیں ہیں تو اس کے بعد آپ دیکھیں ان سب کو اس نے بلا لیا، یہ بڑا ظلم ہوا ہے جی، وہ شخص اس ملک کیساتھ بڑا ظلم کر رہا ہے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، یہ طریقہ نہیں ہے ملک بنانے کا اور نہ ہی اس کو ترقی پر لے جانے کا میرے خیال میں۔ سر، میں اس کے سارے پروگرام کو اسلئے Condemn کرتا ہوں کہ یہ قوم کے سامنے جھوٹ بول رہا ہے، جب آیا تھا تو ریاست بچانے کیلئے، جب اس نے لاہور میں تقریر کی، اس میں کوئی اور بات تھی، اب اور بات ہے اور ہر گھنٹے کی تقریر کے بعد اس کی نئی بات ہوتی ہے۔ تو یہ میری گزارش ہوگی گورنمنٹ سے کہ بجائے اس کے کہ اس کو موقع دے اور اس میں ہمارا اربوں روپے کا نقصان ہو جائے، اس کو ابھی چیک کرے اور اس پر جو بھی دفعہ لگتی ہے، کوئی عدالت اس پر Suo moto لیتی ہے یا خود یہ حکومت کرتی ہے تو اس کو موقع نہ دے، یہ اور گندی ہوگی، یہ تھوڑی سی بات ہوگی، یہ لوگوں کو لڑا دے گا۔ اسلام آباد ہمارا بڑا Sensitive شہر ہے، وہاں بڑا حساس معاملہ ہے، وہاں ہماری Embassies ہیں، ہم دنیا کو کیا منہ دکھائیں گے جناب سپیکر؟ اسلئے آپ کا بھی اختیار ہے، آپ بھی اس پارٹی کے بڑے ذمہ دار ہیں، آپ بھی بیٹھیں، آپ اس بات پہ وہاں ایک صلاح مشورہ کریں، یہ کیا ہو رہا ہے آج؟ اس نے جمع کئے رکھا اگر دو تین دن، تو یہ کسی کی Embassy کو Damage کر دیں گے باہر کی، تو ہم باہر کے ملکوں کو کیا جواب دینگے؟ جناب سپیکر، اسلئے جو کچھ بھی ہو رہا ہے، یہ قانون کے خلاف

ہو رہا ہے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، نہ یہ جمہوری طریقہ ہے، نہ یہ اخلاقی طریقہ ہے، نہ یہ کوئی مذہبی ایسا کمال ہے کہ عورتوں کو سامنے، سب کو لے آیا ہے اور وہ بیچاریاں ادھر بیٹھی ہوئی ہیں، کن مصیبتوں میں ہیں، میں اس چیز کی مذمت کرتا ہوں اور میں آپ کا مشکور ہوں کہ مجھے آپ نے اس پر بولنے کا موقع دیا۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ سردار بابک صاحب! صرف دو منٹ، پارلیمانی لیڈرز کا وہ ہے تو آپ جی۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریه سپیکر صاحب، ستاسو ډیره زیاته مهربانی او ظاهره خبره ده زمونږ محترم پارلیمانی لیډر صاحب به په دې باندې په تفصیل کښې خبره کوی او دا څنګه چې زما نه مخکښې ذکر وشو، نن ئ ورځ په ډیرو حوالو باندې ډیره زیاته اهمه ده او بیا زه خو نه صرف شکریه ادا کوم د مفتی صاحب، لودهی صاحب، نګهت بی بی او د هغه ټولو مشرانو چې په دې موضوع باندې ئے خبره وکړه سپیکر صاحب، لږ داسې چې دا څومره هاؤس چې دے، دلته د ډیرو زیاتو سیاسی جماعتونه نمائندګان ناست دی او نن چې کوم ملګرے یا کوم مشر پاڅی، خبره کوی، لږ د داسې، ایسا لگتا ہے کہ جو بھی یہاں اٹھتا ہے اور بات کرتا ہے تو میں تو آج یہ محسوس کر رہا ہوں کہ ہم سارے ایک پارٹی کے بول رہے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جمہوریت کی جیت ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہاں پر جمہوریت کے دشمنوں کے جو عزائم ہیں، وہ اب بھی جوان نظر آ رہے ہیں لیکن اگر دوسری طرف ہم دیکھیں تو اسی بات میں کوئی شک نہیں رہا اور انتہائی خوشی کی بات ہے ساری قوم کیلئے کہ جمہوریت دشمنوں کے مقابلے میں جو جمہوریت کے استحکام اور جمہوریت کی بقا اور مضبوطی کیلئے ساری پولیٹیکل پارٹیز ایک ہی Page پر اور ایک ہی سٹیج پر نظر آ رہی ہیں، یہ جمہوریت کی جیت ہے۔ سپیکر صاحب، ابھی Twitter میں پڑھ رہا تھا تو عجیب عجیب قسم کے Twitters جو ہیں، وہ ہو رہے ہیں۔ 66 سالوں میں اگر دیکھا جائے تو آدھا وقت تو Directly یا Indirectly جمہوریت مخالف قوتوں نے یہاں پر حکمرانی کی ہے لیکن جو جو ٹائم خوش قسمتی سے جمہوریت کو ملا ہے، وہاں پر ٹائم ٹو ٹائم مسائل کھڑے کرنا اور اس طرح کی سازشیں بنانا، اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہاں پر ذکر بھی ہوا قادری صاحب کا، وہ تو ابھی پاکستان میں جتنی سول سوسائٹیز ہیں، جتنی پولیٹیکل فورسز ہیں، جتنے پولیٹیکل لوگ ہیں، وہ تو (کہتا ہے کہ یہ) Puppets ہیں لیکن ان لوگوں کو جو جمہوریت کے خلاف سازشوں سے باز نہیں آتے، ان کو تو کم از کم یہ سوچنا چاہیئے کہ اسی دور حکومت میں کتنی سازشیں ہوئیں اور اس سے پہلے جو ان لوگوں نے اپنے ایک Puppet کو بھیجا تھا، میں نہیں ساری

قوم اسی پر متفق ہے کہ کم از کم وہ Puppet یا ان کا جو کارندہ تھا، وہ تو ناکام ہو چکا ہے لیکن ابھی پھر صبح یہ بتانا کہ آج تو میری تقریر کا جو ایک حصہ ہے، وہ تو مکمل ہو چکا ہے اور ان شاء اللہ کل میں دوسری خوشخبری دوں گا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہم سب عدالتوں کا احترام کرتے ہیں، عدالتوں کے فیصلوں کا بھی احترام کرتے ہیں لیکن یہاں جو نکتہ، جو سوالات ابھی اٹھائے جا رہے ہیں، Intention پہ، نیتوں پہ، ارادوں پہ، تو ہم یہی توقع رکھیں گے کہ ان شاء   اللہ جس طرح یہاں پہ کہا گیا ہے مختلف اداروں کی طرف سے کہ یہاں پہ جمہوریت پلے گی اور ان شاء اللہ جمہوریت رہے گی یہاں پہ۔ ہمیں پھر بھی امید ہے کہ آگے جا کے بھی ان شاء اللہ جمہوریت کو کوئی نقصان نہیں ہوگا لیکن دیکھنا ابھی یہ ہے کہ ابھی بعض اداروں کی Facebook   پر اس طرح کی رائے مانگنا کہ اسی سٹیج پہ پولیٹیکل فورسز کے علاوہ کسی اور کو Rule میں آنا چاہیئے ?'Yes' or 'No'، تو میں اسی فورم پہ یہ بھی ریکویسٹ کرونگا کہ انتہائی اہم فورم سے Facebook پر اس طرح میسج چلانا اور لوگوں کی رائے مانگا، پھر اس میں تو کوئی شک باقی ہی نہیں رہا کہ یہ ایک سازش ہے لیکن میں پاکستان کے ساری پولیٹیکل فورسز کو، پاکستان کی ساری جمہوری قوتوں کو نہ صرف مبارکباد دیتا ہوں بلکہ ایک پولیٹیکل ورکر کی حیثیت سے ضرور میں ریکویسٹ کرونگا کہ ابھی وہ ٹائم آگیا ہے کہ پاکستان مزید جمہوریت کے خلاف سازشوں کا متحمل نہیں ہو سکتا، لہذا ہم نے سب کچھ بلانا ہے اور ہم نے ایک پلیٹ فارم پر آنا ہے اور جمہوریت کے خلاف جو سازشیں ہو رہی ہے، اس کے خلاف ہم سب نے اکٹھا ہونا ہے۔ دوسری بات سپیکر صاحب، یہ انتہائی افسوسناک بات ہے، آج کراچی سٹاک ایکسچینج میں 31 billion Pakistani rupees، آج 31 ارب روپیہ ڈوب گیا ہے۔ ان لوگوں کو یہ بھی دیکھنا چاہیئے اور یہ بھی سوچنا چاہیئے اور اوپر سے ایک بندہ آ جاتا ہے اور میں پشتو میں کہونگا کہ هغه سړے خو سپیکر صاحب نه حجره پیژنی او نه جمات پیژنی، تاسو سوچ وکړئ چې په آئین کښې د ترمیم خبره کوی، مونږ خو دا نه منو چې هغه ته دا پته نشته چې په آئین کښې به ترمیم څنګه کیږی؟ په الیکشن کمیشن کښې هغه د اصلاحاتو تجاویز ورکوی، مونږ خو دا نه منو چې هغه سکالر یا هغه دومره عالم سړے دے هغه په دې خبره نه پوهیږی خو پکار دا ده چې هغه سړے که نن شهرت غواړی، زما یقین دا دے چې هغه ته شهرت ملاؤ شو خو پکار دا ده چې هغه د پاکستان د قام په دې پوزیشن باندې، په دې حالاتو باندې رحم وکړی او دا څه ئے چې وکړل، پکار دا ده چې د هغې نه واپس شی۔ نن ګوره دا خو سپیکر صاحب، ډیره زیاته

واضحه خبره ده چې د هغه کوم نمائنده په ټیلی ویژن باندې راځی، هغه وائی چې مونږ. خو انقلاب راولو، دلته خو کرپشن دے، دلته خو Mismanagement دے، دلته خو Rule of law نشته، دلته خو انصاف نشته، دلته خو مساوات نشته او عجیبه خبره ده، دا دعویٰ هم کوی سپیکر صاحب چې ما سره کروړونو خلق دی، چې تا سره کرروړونه خلق دی، پینځه کاله ته خاموشه ناست وې، آیا دا هم نن دې قوم ته اووایه چې دا دومره ورانے په دې درې میاشتو کښې راغلو، آیا تا دا فیصله پینځه کاله مخکښې ولې نه کوله؟ تا سره چې د پاکستان په کروړونو خلق دی، ته هغه خلق Nominate کړه، الیکشن ته ئے ودروه، اسمبلو ته ئے راوله، راشه د وزارت عظمیٰ په کرسئ باندې کښېنه، خپل ملګری هم کښېنوه او راشه که بیا انقلاب راولې، که بیا مساوات راولې او که بیا انصاف راولې۔ سپیکر صاحب، دا ډیره زیاته واضحه خبره ده چې د کوم طرف نه که دا دهمکیانې ملاویږی چې دا پخوانے وخت نه دے، وخت بدل دے او زه دا ګمان او دا فکر کوم چې هغه خلق چې په تیرو وختونو کښې ئے د جمهوریت خلاف سازشونه کړی وو، کامیاب شوی هم دی، زما دا اندازه ده چې هغه خلق بې خبره دے، هغوی ته دا پته نشته چې دا دجمهوریت د پالنې او د ساتنې خلق چې دے او مونږ ورته په ډاګه وایو چې مونږ په دې طن کښې د امن د پاره سرونه ورکولے شو نو په ډاګه نن دا خبره کوؤ چې د دې وطن سیاسی ورکران او د دې وطن سیاسی عهدیداران له چې د جمهوریت د بقاء د پاره، د جمهوریت د استحکام د پاره کومه قربانی راځی، دا زمونږ د قام او دا زمونږ د دې وطن سره لوظ دے چې ان شاء الله هغه قربانی به مونږه سپیکر صاحب ورکوؤ۔ سپیکر صاحب، زه ډیر زیات خوشحاله نن په دې خبره یم چې په ټول ملک کښې د تیرو درې ګهنټو نه په اولنی ځل دا زه په پاکستان کښې انقلاب وینم چې دا انقلاب نن راغلے دے۔ تاسو وګورئ چې په تیرو وختونو کښې سپیکر صاحب چې کله به داسې صورتحال پیدا شو، د پاکستان نیم جماعتونه به یو طرف ته وو او نیم جماعتونه به بل طرف ته وو، نن دا ډیره زیاته د خوش قسمتئ خبره ده، دا ډیره زیاته د خوشحالئ خبره ده چې په دې اهمه موقع باندې ټول سیاسی ګوندونه په یو طرف ولاړ دی او مونږ دا طمع هم لرو ځکه چې دا اوس هغه وخت راغلے دے چې اوس

به هم هغه خلق کار کوی، سیاسی جماعتونه به ماتوی، سیاسی مشران به ماتوی، په سیاسی اتحاد کښې به دراړونه پیدا کوی۔ زمونږه دا طمع ده د ټولو سیاسی جماعتونو د مشرانو نه، د ټولو سیاسی جماعتونو نه چې د اتهاره کروړ عوامو په خاطر باندې د دې ملک د مسائلو حل چې دے، دا صرف په جمهوریت کښې دے، دا د هغه عوامو سره اختیار چې څو لاسو له ئے بوتلل غواړی، مونږه ورله دا ډاډګیرنه ورکوؤ د دې ټولو سیاسی جماعتونو دې مشرانو له او ټولو سیاسی جماعتونو له چې دا اتهاره کروړ عوام د ټولو هغه سیاسی جماعتونو سره ولاړ دے او هغه خلق چې د اتهاره کروړ عوامو نه اختیار اخلی، څو لاسونو له ئے ورکوی، په ډاګه به ان شاء الله د هغه خلقو خلاف ولاړ یو او د دوئ سره په مرسته به ولاړ یو۔ ډیره زیاته مهربانی او ډیره شکریه۔

<u>جناب سپیکر</u>: عبدالاکبر خان، جناب آنریبل عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں مفتی صاحب کا اور لودھی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپنی بہن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، آپ نے اندازہ کیا ہوگا کہ جس طرح اس سارے ملک میں، آج اسمبلی میں جو کچھ ہو رہا ہے، اسی طرح یہ سارے ملک کا قصہ ہے، سارے ملک کی پولیٹیکل فورسز جو ہیں، پولیٹیکل پارٹیز جو ہیں، وہ ایک طرف، سول سوسائٹی، میڈیا، Intelligentsia، سارے تقریباً جناب سپیکر، ایک طرف ہو رہے ہیں، باوجود اس کے کہ ہماری پارٹی کیساتھ یا اس حکومتی پارٹی کیساتھ کسی کے اختلافات بھی ہونگے، اس کو یہ نہیں چاہیئے ہوگا، ہم سے بھی غلطیاں ہوئی ہونگیں یا غلطی ہو رہی ہوگی لیکن جناب سپیکر، اس مسئلے پر آپ اگر دیکھیں تو Bar سے لیکر اب ساری پولیٹیکل فورسز جو ہیں، وہ ایک طرف کھڑی ہو رہی ہیں اور جناب سپیکر، ایک Line draw کیا جا رہا ہے اور جن لوگوں کے ایجنڈے پر یہ مسخرہ کینیڈا سے آیا ہوا ہے جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کو بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ وہ وقت نہیں ہے کہ جب 1999 میں ایک پولیٹیکل فورس کسی کو ویلکم کرتی تھی اور ایک پولیٹیکل فورس کسی کو Oppose کرتی تھی۔ یہ سن 77ء نہیں ہے کہ ایک پولیٹیکل فورس ان لوگوں کو ویلکم کرتی تھی اور ایک پولیٹیکل فورس ان لوگوں کو ویلکم نہیں کر رہی تھی، ان لوگوں کو بھی دیکھنا چاہیئے تاکہ آج اس ملک کی ساری پولیٹیکل فورسز مطلب ہے سول سوسائٹی کے سارے Bars بالکل ایک طرف ہوئے ہیں اور اگر انہوں نے اس مسخرے کے ذریعے کوئی اس طرح قدم اٹھانے کی کوشش

کی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں اتنا خون خرابہ ہو جائے گا اور یہ ایک اچھا سائن ہے، کم از کم جمہوریت کیلئے جناب سپیکر ایک اچھا سائن ہے کہ لاکھ اختلافات سہی پولیٹیکل پارٹیز کے، لاکھ ایک دوسرے کے خلاف ہونگے لیکن کم از کم ایک چیز پر وہ متفق ہیں کہ وہ 'ڈی ریل' نہیں ہونے دینگے اس سسٹم کو۔ جناب سپیکر، میں تو حیران ہوں کہ یہ ایک لاء کا ڈاکٹر ہے، پی ایچ ڈی اس نے کی ہوئی ہے اور قانون کی ایک ڈاکٹریٹ کرنے کے باوجود بھی وہ اس طرح کی باتیں کر رہا ہے جناب سپیکر کہ مجھ جیسے ایک نا فہم آدمی کو بھی ایسا لگ رہا ہے کہ اس کو کچھ نہیں آتا، تو یہ تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس کو نہیں آتا، اس کا جو علم ہے اور اس کو لاء پر جو عبور ہے، اس کو دیکھتے ہوئے میں یہ نہیں سمجھتا کہ اس کو کانسٹی ٹیوشن یا قانون کا پتہ نہیں لیکن قانون اور آئین کا پتہ ہونے کے باوجود بھی اس طرح کے الفاظ یہ جو استعمال کر رہا ہے، یہ کیسے کر رہا ہے اور کیوں کر رہا ہے جناب سپیکر؟ جناب سپیکر، یہ آئین کی کتاب ہے اور جناب سپیکر، اس کا جو Preamble ہے، آپ اس کو دیکھیں، میں سارا نہیں پڑھتا لیکن آخر میں میں پڑھتا ہوں:

"Now, therefore, we, the people of Pakistan;

---;

Do hereby, through our representatives in the National Assembly, adopt, enact and give to ourselves, this Constitution".

یعنی یہ پہلی چیز ہے کہ سارے پاکستان کے عوام یہ وعدہ کرتے ہیں، پاکستان کے عوام یہ وعدہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے لئے جو یہ آئین بنا رہے ہیں، اپنے Chosen representatives کے ذریعے بنا رہے ہیں، جناب سپیکر، یہ ایک آئین ہے جو اس ملک کے نظام کیلئے ہے اور جناب سپیکر، آپ کو یاد ہوگا کہ ہمارے چیف جسٹس صاحب بھی بار بار Supremacy of Law کی بات کرتے ہیں، کانسٹی ٹیوشن کی بات کرتے ہیں، قانون کی حکمرانی کی بات کرتے ہیں، آئین کی بات کرتے ہیں اور انہوں نے کتنی قربانیاں نہیں دیں جناب سپیکر، ان کیلئے پاکستان کے لوگوں نے کتنی قربانیاں نہیں دیں، یہاں پر جو وکلاء برادری ہے، پولیٹیکل فورسز ہیں، انہوں نے کتنی قربانی نہیں دی جناب سپیکر؟ لیکن جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ اس آئین کے آرٹیکل 6 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ "Any person who abrogates or subverts or suspends or holds in abeyance, or attempts or conspires to abrogate or subvert or suspend or hold in abeyance, the Constitution by use of force or show of force" یعنی جو شخص بھی اگر زور سے کرتا ہے یا زور دکھانے سے کرتا ہے تو کیا یہ لانگ مارچ میں یہ Sitting یہ Show of force نہیں ہے

جناب سپیکر؟ اور Subvert کیا کرتا ہے، تو اس کا مطلب کیا ہے جناب سپیکر؟ یہ میں ڈکشنری میں نکالا ہوں جناب سپیکر، The act or process of overthrowing, destroying or، مطلب ہے Use in connection with activities designed to undermine and overthrow the Government یعنی جو بھی گورنمنٹ کو Overthrow کرنے کی کوشش کرتا ہے، وہ آرٹیکل 6 کے تحت Treason کا، مطلب ہے وہ غداری کا مرتکب ہو گا۔

(تالیاں)

اب جناب سپیکر، ایک ایسا قانون جاننے والا شخص جس کو ہائی کورٹ نے Nineties میں قرار دیا تھا کہ یہ سب سے زیادہ خائن شخص ہے، سب سے زیادہ بے ایمان شخص ہے، سب سے زیادہ خراب شخص ہے، اس کو قرار دیا تھا جناب سپیکر، آج وہ شخص کہہ رہا ہے کہ آرٹیکل 62 اور 63 کا حساب کیا جائے، آپ کو تو قانون میں ڈیکلیئر کیا جا چکا ہے جناب سپیکر، آپ تو 63 کے تحت Disqualify، آپ تو ختم ہیں جناب سپیکر، تو آپ کیسے یہ بات کرتے ہیں؟ جناب سپیکر، آپ اگر سمجھے تو 62 ہمارا Qualification Article ہے اور 63 ہمارا Disqualification Article ہے، Qualification Article کا مطلب یہ ہے کہ مثال کے طور پر میں اگر الیکشن میں جاتا ہوں تو چند چیزیں ہیں، اگر مجھ میں وہ نہیں ہیں تو وہاں پر ریٹرننگ آفیسر کے پاس میرے خلاف کوئی اعتراض کر دے، اگر میری عمر اتنی نہیں ہے، جتنی Age چاہیئے الیکشن کیلئے، اگر کوئی اور کوالیفیکیشن ہے اور وہ مجھ میں نہیں ہے تو وہ مجھ پر اعتراض کر سکتا ہے اور ریٹرننگ آفیسر مجھے کہتا ہے کہ ہم آپ کے کاغذات کو مسترد کرتے ہیں، آپ کو ہم نہیں چھوڑتے الیکشن کیلئے تو یہ Qualification Article ہے، پھر جب الیکشن ہو جاتا ہے، یعنی وہ شخص یا کوئی بھی شخص الیکشن جیت جاتا ہے، ممبر بن جاتا ہے، اب اگر اس میں کوئی ایسی چیزیں پیدا ہو جاتی ہیں جو 63 میں درج ہیں تو پھر کوئی شخص کورٹ میں جا کر کہتا ہے کہ جی یہ چیز اس میں آ گئی ہے اور یہ Disqualified ہیں۔ اب جناب سپیکر، ان دونوں چیزوں کا فیصلہ کورٹس کریگی کہ میں کوالیفائیڈ ہوں تو ریٹرننگ آفیسر جو ایک جج ہو گا وہ میرا فیصلہ کریگا، اگر میرا وہ نہیں کریگا تو وہ پھر ہائی کورٹ میں آ سکتا ہے سروس ٹریبونل میں، 'سوری' الیکشن ٹریبونل میں آ سکتا ہے اور اگر میں Disqualified ہوں تو بھی کورٹ میرا فیصلہ کرے گی۔ اب طاہر القادری صاحب! کون فیصلہ کریگا کہ عبدالاکبر 62 پر کوالیفائی کرتا ہے یا 63 پر کوالیفائی نہیں کرتا ہے؟ آپ کیسے فیصلہ کریں گے، یہ تو عدالت کا کام ہے، عدالت فیصلہ کریگی کہ آپ Disqualified، اگر آپ Elected representative ہیں تو Disqualified Article پہ

اترتے ہیں، اگر آپ Elected نہیں ہیں الیکشن میں آرہے ہیں تو پھر Qualified Article میں پھر آپ اترتے ہیں لیکن جناب سپیکر، ایک ایسے شخص سے ہم کیسے امید کریں کہ وہ ایسا کریگا؟ میں نہیں سمجھتا کہ وہ اس چیز کو نہیں جانتا، میں یہ بالکل ماننے کو تیار نہیں ہوں کہ وہ اتنی چھوٹی سی چیز کو بھی نہیں جانتا۔ پھر جناب سپیکر، وہ کہتا ہے کہ الیکشن کمیشن کو Dissolve کیا جائے، اب جناب سپیکر، وہ کہتا ہے کہ الیکشن کمیشن کو ختم کردیں۔ اب الیکشن کمیشن ایک پراسیس سے ہو کر، جو کانسٹی ٹیوشنل ہے، اس سے ہو کر وہ اور سارا Consensus سے ہوا ہے اور سارے پاکستان کی پولیٹیکل فورسز نے ویلکم کیا ہے کہ فخرالدین جی ابراہیم سے زیادہ اچھا کوئی چیف الیکشن کمشنر نہیں ہو سکتا لیکن جناب سپیکر، وہ کہتا ہے کہ اس کو ہٹاؤ۔ میں آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل (2) 215 کی طرف دلانا چاہتا ہوں: "The Commissioner means Chief Election Commissioner. The Commissioner shall not be removed from office except in the manner prescribed in Article 209"

یعنی چیف الیکشن کمشنر کو آپ کسی اور طریقے سے ہٹا نہیں سکتے ماسوائے 209 آرٹیکل کے، تو 209 آرٹیکل کیا کہتا ہے؟ جناب سپیکر، 209 آرٹیکل کہتا ہے، یعنی 209 آرٹیکل کے بغیر اس کو ہٹانے کا اور کوئی طریقہ ہے نہیں۔ اگر زرداری صاحب چاہیں تو بھی نہیں ہٹا سکتے، اگر پرائم منسٹر چاہیں تو بھی نہیں ہٹا سکتے، کوئی شخص بھی، چیف جسٹس چاہیں تو بھی نہیں ہٹا سکتے، اس کا ایک طریقہ کار ہے 209 میں۔ 209 کیا ہے جی؟

"**209.** (1) There shall be a Supreme Judicial Council of Pakistan, in this Chapter referred to as the Council.

(2) The Council shall consist of -

(a) the Chief Justice of Pakistan;

(b) the two next most senior Judges of the Supreme Court; and

(c) the two most senior Chief Justices of High Courts."

یعنی 209 کے تحت اس میں گورنمنٹ کا کیا کام ہے؟ سپریم جوڈیشل کونسل بنائیں چیف جسٹس صاحب، آپ اتنے بڑے بڑے فیصلوں، وزیراعظم کو تو آپ جیل لے جا سکتے ہیں تو آپ قادری صاحب کے اس مطالبے کو مان لیں، آپ جو ہیں نا 209 کے تحت سپریم جوڈیشل کونسل بنائیں، آپ اس کے ہیڈ بن جائیں، آپ اس کیساتھ ممبر لگالیں، (تالیاں) آپ ہٹا دیں۔ اس میں یہ گورنمنٹ کیسے کر سکتی ہے؟ گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کیسے کیا جاتا ہے؟ یہ اتنا کم عقل آدمی ہے کہ اس کو یہ بھی پتہ نہیں کہ یہ گورنمنٹ کا کام نہیں ہے، یہ صدر کا کام نہیں ہے، یہ حکومت کا کام نہیں ہے، چیف الیکشن کمشنر کو بنانے میں حکومت کی Say ہوتی ہے لیکن اس کو ہٹانے میں حکومت کا کوئی اختیار نہیں ہوتا، تو اس کا مطلب جناب

سپیکر کہ وہ کانسٹی ٹیوشن کو سپورٹ کر رہا ہے، میں چیف جسٹس صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ اس مسخرے کے خلاف فوراً آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی جائے۔ (تالیاں) اس نے آئین کو بگاڑنے کی کوشش کی ہے، اس نے آئین کو Subvert کرنے کی کوشش کی ہے، اس نے آئین کو Abrogate کرنے کی کوشش کی ہے، یہ جانتے ہوئے بھی کہ یہ چیزیں نہیں کر سکتے، اس نے 30، 40 ہزار لوگوں کو جمع کیا ہے، جس طرح مفتی صاحب نے کہا جناب سپیکر، میں نے بھی 51 thousand votes نیشنل اسمبلی کیلئے الیکشن میں لئے ہیں تو میں بھی 51 thousand votes لیکر اسلام آباد نہیں جاؤں گا، پشاور آؤں گا اور چیف منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ جی بس حکومت مجھے چھوڑ دیں، بس میرے پاس 51 thousand لوگ ہیں۔ (تالیاں) تو جناب سپیکر، ان چیزوں سے کام نہیں ہوتا۔ اسلئے میری درخواست ہو گی جناب سپیکر، عدلیہ سے درخواست ہو گی کہ اس چیز میں فوری مداخلت کر کے اس شخص کو، یہ جو بالکل بیہودہ، بے لگام باتیں کر رہا ہے اور لوگوں کو گمراہ کر رہا ہے، اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میاں افتخار حسین صاحب۔

حاجی شیر اعظم خان وزیر (وزیر محنت): جناب سپیکر، زه په دې باندې یو دوه منټه خبرې کول غواړم۔

جناب سپیکر: ہں جی؟ نہیں ابھی پارلیمانی لیڈرز خالی، Only، میاں افتخار حسین صاحب۔۔۔۔۔

وزیر محنت: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میاں افتخار حسین صاحب کو فلور دیا گیا ہے۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

وزیر محنت: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یہ سارے بہت، یہ چٹیں دیکھو اتنی آئی ہیں، سب بولنا چاہتے ہیں۔

وزیر محنت: صرف دوه منټه خبره کوم۔

جناب سپیکر: یہ سارے دو دو منٹ بولنا چاہ رہے ہیں لیکن ابھی، میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ بہت کچھ اچھے انداز میں کہہ گئے ہیں مجھ سے پہلے میرے ساتھی اور اچھا ہوتا کہ عبدالاکبر صاحب بھی کبھی کبھار اسی طرح

بولا کرتے تو ہم ٹیکنیکل سطح پر بھی کچھ سیکھ جاتے، بڑی مدت کے بعد بولے۔ سب سے پہلے تو طاہر القادری کیساتھ ساتھ ایک خبر اب عمران خان صاحب کے حوالے سے بھی آئی ہے کہ دس دنوں کے اندر اندر جو عبوری حکومت ہے، اس کو قائم کیا جائے، یعنی بلی تھیلے سے نکل آئی ہے۔ جس کو پہلے آزمایا گیا تھا، اب وہ اس کی مدد کیلئے آپہنچا ہے جو کہ خود ایک گرداب میں گرا ہوا ہے۔ میں اس کے حوالے سے، چونکہ دلائل بہت دیئے گئے، ایک بادشاہ تھا جو کہ عقل سے عاری تھا، فیصلے کرنے میں اس کو بڑی مشکل ہوا کرتی تھی۔ وزراء نے اس پہ پابندی لگائی کہ کہیں باہر سے دعوت آئے تو آپ قبول نہ کریں کیونکہ محل کے اندر آپ جو بولتے ہیں تو ہم برداشت کر لیتے ہیں، تو باہر کے دورے میں آپ کو اگر بولنا پھر پڑا، ہمیں مسئلہ درپیش ہو گا۔ بہرکیف وزراء نہیں تھے اور کوئی باہر کی دعوت آئی، اس نے قبول کی۔ وزراء آئے، ان سے کہا کہ آپ کو تو ہزار بار منع کیا تھا، آپ نے کیوں قبول کیا؟ اس نے کہا اب تو قبول کیا ہے، اب راستہ بتا، تو ایک وزیر نے کہا کہ میں ساتھ چلوں گا اور آپ کے انگوٹھے سے ایک دھاگا باندھوں گا اور جب آپ غلط بولنے لگیں تو میں دھاگا کھینچوں گا تو اس وقت خاموش رہنا۔ تو اسی دوران وہ دوسرے ملک میں جب گیا تو سارے ملک کو دیکھا، ٹیبل پہ بیٹھے تو بجائے اس کے کہ کوئی عقل کی بات ہوتی، وہ اس سے کہہ رہا ہے کہ آپ کے اس ملک میں بھینس کا گوبر کتنا اچھا ہے، اس انداز میں وہ، کہ اس کی Capacity بہت زیادہ ہے۔ تو ایک دم وزیر نے دھاگا کھینچا تو وہ چپ ہوا، تو وزیر نے اس دوسرے بادشاہ سے کہا کہ میرے بادشاہ کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے یہاں پہ کھاد بہت اچھا ہے، جانوروں کا جو کھاد ہے کیونکہ سرسبز باغات ہم نے دیکھے، بہت ساری یہاں پہ ہریالی دیکھی تو اس حوالے سے میرے بادشاہ کا کہنا یہ ہے کہ آپ کے ملک نے بہت ترقی کی ہے۔ تو اس بادشاہ نے کہا کہ یہ تو بہت عقل کا دانا ہے، اس نے کہا کہ مجھے اور بھی بولنا آتا ہے لیکن دھاگا کسی اور کے ہاتھ میں ہے۔ (تالیاں، قہقہے) تو ہمیں پتہ ہے، ہمیں پتہ ہے کہ ایک ایسے مقرر کو چھپا کے وقت پہ لانا، دھاگا کہاں سے کھینچا جاتا ہے ورنہ ایسے بولنے والے خاموش نہیں رہ سکتے، جو چھ چھ گھنٹے تقریر کر سکتا ہے تو آٹھ سال کیوں خاموش رہے؟ کوئی تو معنی اس کے ہونگے، کس نے خاموش کیا اور کس طریقے سے، اور آج بولنے لگا تو کس کے کہنے پہ بولنے لگا؟ سیدھی سی بات ہے کہ جب پہلی دفعہ یہاں پہ ڈسکشن ہو رہی تھی تو مجھ جیسے ناچیز نے یہ کہا تھا کہ صرف طاہر القادری کی بات نہیں ہے، جمہوریت کے خلاف جو بھی سازش ہو رہی ہے، ہم اس سب کے خلاف ہے۔ عبدالقادری کی یہ حیثیت نہیں تھی، وہ یہ کر نہیں سکتے تھے کہ وہ آئین کو چیلنج کرے اور پھر بعد میں آکر ایک ایسا ڈرامہ رچائے اور انتخاب بھی لاہور کا

کرے۔یہاں پہ ہمارے پاکستان میں بھی عجیب سا ایک طریقہ کار نکلا ہے کہ کسی حکومت کو چلتا کرنا ہے تو لاہور سے آغاز کرنا ہے، بد قسمتی سے اس بار سیاسی لوگ اتنے متحد ہیں کہ ان کا پہلا گھوڑا بھی ہار گیا، لاہور سے نکلا اسلام آباد میں ڈوبا اور اس دفعہ بھی قادری لاہور سے نکلا ہے اور اسلام آباد میں ہی ڈوبے گا کیونکہ سیاسی قوتیں اب اتنی کمزور نہیں ہیں۔ میں اپوزیشن کی بھی تعریف اس حوالے سے کروں گا کہ صرف یہ نہیں کہ اقتدار کی بات ہے، آج میاں نواز شریف کا Stand، بعینہ ایک جمہوری اپوزیشن لیڈر کا ہے اور ہم نے بہت کچھ اپنے وقت سے سیکھا کہ ہر بار ہمیں ایک سوراخ سے ڈسا گیا اور ہر بار یہی ڈرامہ رچایا گیا۔ اب اس کے بعد اقتدار کے خلاف ان کو اپوزیشن کی کوئی قوت نہیں مل رہی تو لہذا ایسے لوگوں کو لایا کہ جس کی اسمبلی میں کوئی سیٹ ہی نہیں ہے۔ عمران صاحب بھی سیٹ سے عاری ہیں اور قادری صاحب بھی سیٹ سے عاری ہیں، یعنی اس دفعہ ان کے گھوڑے جو میدان میں نکلے ہیں، اگر ان کے گھوڑوں کے پیچھے کوئی ہے، اگر انہوں نے کچھ کر کے دکھایا تو ٹھیک ورنہ گھوڑے کام کے نہیں ہیں، گھوڑے کافی بیکار ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ سیاسی قوتوں نے جو پختگی دکھائی، اب مجھے ایسی بھی اطلاع ملی کہ تمام سیاسی قائدین مل بیٹھ رہے ہیں اور اس صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، اگر اس صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے بات کی جائے تو ہماری اسمبلی نے جو کردار ادا کیا، طاہر القادری تو اس کو بھی معطل اور ساتھ یہ کہے کہ یہ اسمبلی ختم کر دیں، ہمیں ختم کرنے کی بات کر رہا ہے، قومی اسمبلی کو ختم کرنے کی بات کر رہا ہے اور تمام صوبائی اسمبلیوں کو ختم کرنے کی اور یہاں تک کہہ گیا کہ میں نے ختم کر لیں، اس کے دماغ میں حکومت بھی بن چکی ہے، اس کو کسی نے اتنا ورغلایا ہے کہ اس کو یہ بھی اندازہ نہیں ہے کہ میں جو بول رہا ہوں تو ایک جمہوری حکومت کے اندر مجھے اجازت ملی، یہ جمہوری حکومت نہ ہوتی تو قادری کو یہ جرات بھی نہ ہوتی کہ وہ پاکستان میں آتا، اس کی یہ حیثیت بھی نہ بنتی اور پھر اگر ہم جمہوری قوت صرف اتنا کر دیتے کہ اس کو پکڑ کے دوبارہ اس ملک میں بھیج دیتے، جہاں پر آٹھ سال گزار کر آیا ہے تو یہ بھی ملک پہ احسان ہوتا لیکن جمہوری قوتوں نے ان کو اجازت دی، آج اگر وہ طوطے کی طرح بول رہا ہے تو یہ اس جمہوری حکومت کا کارنامہ ہے۔ صبح اسلام آباد میں اس نے جو ڈرامہ رچایا اور سپیچ کرتے ہوئے اس نے جو انداز اپنایا کہ پانچ منٹ میں اس سٹیج کو یہاں سے شفٹ کر دو اور فجر کے وقت تک میں پھر آپ سے کہوں گا کہ اسمبلیوں کو ختم کر دیں، نہیں تو میں گیارہ بجے ایک اور یعنی لائحہ عمل کا اعلان کروں گا اور انقلاب تو آ ہی چکا ہے، اب انقلاب کے بعد جو ہے وہ ہمیں لائحہ عمل دے گا۔ لہذا اس کی تمام تر جو باتیں ہیں، وہ خلائی باتیں ہیں، اس کو سمجھایا گیا ہے، وہ خود جذبات میں آکر

نہیں سمجھتا کہ پہلے مطالبہ میرا کیا تھا اور اب کا مطالبہ کیا ہے؟ اس کو جو بتایا جاتا ہے تو وہی بول دیتا ہے ورنہ ابتدائی اس کا جو مطالبہ تھا، وہ بھی غیر جمہوری تھا، یعنی فوج کو اور عدلیہ کو اس میں ملوث کرنا کہ آپ نگران حکومت بنائیں تو ان سے پوچھیں۔ اگر ہماری پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن اور اقتدار ہے اور آئین میں یہ بات درج ہے تو آپ کون ہوتے ہیں کہ ہمیں Dictate کریں اور پھر یہ بات کرنا کہ فوج اور عدلیہ، یہ اپنے لئے سپورٹ کی بات کر رہے ہو، عدلیہ کی بات آئی تو میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ عدلیہ کیلئے لاکھ احترام، ہم چاہتے ہیں کہ مضبوط عدلیہ ہو، یہ عدلیہ عوام کے خون سے مضبوط ہوئی ہے اور ہم نے ہر بار کہا ہے کہ عدلیہ کو ایسے فیصلے کرنے چاہئیں کہ جس سے اس کا وقار بڑھے۔ آج کا یہ فیصلہ مناسب وقت پہ نہیں آیا، یہ وقت کا انتخاب درست نہیں تھا اس انداز میں کہ ایک غیر جمہوری شخصیت جمہوریت کا بساط لپیٹنے کیلئے سامان باندھ رہی ہے اور اس کو تقویت دینے کیلئے اگر کوئی فیصلہ آتا ہے تو چاہے لاکھ اچھا ہو لیکن اس کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ اگر ہمارے چیف جسٹس صاحب جمہوریت کے اتنے عاشق ہیں اور ہر بار کہتے ہیں کہ یہ جمہوریت چلے گی اور وقت پہ الیکشن ہوگا تو ہم اس کی تعریف کرتے ہیں لیکن جس جمہوریت کے خلاف سازش ہو رہی ہے تو ایسے وقت پہ اس سازشی کو بے نقاب کرنا چاہیئے، ایسا فیصلہ نہیں آنا چاہیئے جو کہ جمہوریت کا دشمن ہو اور اس کو تقویت ملے، لہذا میں اس موقع پہ (تالیاں) جو یہ فیصلہ آیا ہے، یہ ایک ایسے وقت میں آیا ہے کہ اس نے غیر جمہوری قوتوں کو مضبوط کیا ہے۔ ہاں، چیف جسٹس کا یہ فیصلہ ہم سراہتے ہیں کہ انہوں نے صحیح کہہ دیا کہ یہاں پہ الیکشنز وقت پہ ہونگے، باہر کوئی اور ڈرامہ رچائے مجھے اس سے کوئی کام، غرض نہیں ہے، الیکشنز وقت پہ ہونگے لیکن جب فیصلہ آیا تو ہم یہی کہیں گے کہ فیصلے سے اختلاف اور اس کا ماننا نہ ماننا، یہ تو کورٹ کا فیصلہ ہے، ہمیں ماننا ہے اور وزیر اعظم صاحب اس کو Defend کریں گے، اس کا آئینی طریقہ کار ہے لیکن وقت کا انتخاب جو کیا گیا ہے، یہ مناسب وقت نہیں ہے، ہم اپنی فوج سے اس موقع پہ ایک ریکویسٹ کریں گے کہ ساری دنیا اب یہ سوچ رہی ہے کہ شاید ایک ایسا ماحول Create کیا جا رہا ہے کہ جمہوریت کا بساط لپیٹ دیا جائے۔ اگر اس بار بھی اس ملک میں جبکہ تمام جمہوری قوتیں ایک ہو چکی ہیں اور اس پاکستان کی اس پارلیمنٹ میں اتنی پختگی آچکی ہے کہ وہ جمہوریت میں اور ڈکٹیٹر شپ میں فرق کر رہی ہے تو ایسے وقت میں فوج کو بھی کلیدی کردار ادا کرنی چاہیئے۔ جس طریقے سے وہ کہا کرتی تھی کہ جمہوری لوگوں سے حکومت نہیں چلی تو اسلئے ہم نے مارشل لاء لگایا، اس بار یہ کہے گی کہ جمہوری قوتوں نے ایمان دکھائی، ایک ہیں، قوم کی خدمت کی ہے، جو سازشی ہیں، ان کے خلاف

وہ اٹھ کھڑے ہوں گے اور ان کے خلاف وہ کارروائی کریں گے۔ (تالیاں) تو ہم اسلئے کہہ رہے ہیں کہ فوج بھی ہماری اپنی فوج ہے، اگر کوئی فوج کی طرف دیکھے، فوج، ان پانچ سال میں اس کا ریکارڈ بہت درست اور اس کی Reputation بہت اچھی ہوئی ہے۔ جمہوری حکومت پانچ سال پوری کرنے جارہی ہے، اگر یہ پانچ سال پورے ہوئے اور الیکشنز ہوئے اور حکومت آئی، پاکستان بھی مضبوط ہوگا، پاکستان مضبوط ہوگا تو سب سے مضبوط ادارہ فوج بھی اس میں برابر کا حصہ دار ہوگی اور ان کا بھلا ہوگا، لہذا اس موقع پر اگر فوج کے، مجھے اندازہ ہے کہ ان کے کوئی ارادے نہیں ہونگے لیکن جن لوگوں کے ارادے ہیں، وہ فوج کی طرف دیکھ رہے ہیں اور فوج کو بار بار اس میں Involve کر رہے ہیں، لہذا ہم ایک محب وطن شہری کی حیثیت سے، ایک محب وطن پارلیمنٹرین کی حیثیت سے کہ فوج کا جو وقار بلند ہوا ہے خدارا دوبارہ ایسی حرکت نہ کی جائے کہ پھر ہم اسی طرح پاکستان جو دولخت ہوا، اس بار شاید پھر کچھ نہ بچے اور پھر ہم پچھتائیں، لہذا یہ وقت ہے کہ ہماری عدلیہ بھی ہوش سے کام لے اور ایسے فیصلے کرے جس سے جمہوریت مضبوط ہو۔ ہم اپنی فوج جو مضبوط ادارہ ہے، ان سے بھی درخواست کرتے ہیں اور اپیل کرتے ہیں کہ غیر جمہوری لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھرے جائیں، پارلیمنٹ کے اندر بیٹھی ہوئی جمہوری قوتوں کو دیکھا جائے اور ان کی طرف اور ان جمہوری قوتوں کو دیکھا جائے، جب ملک کی بقاء کی بات آئی، دہشت گردوں کے خلاف بات آئی تو ان سیاسی قوتوں نے اپنا خون نچھاور کیا اور ان سیاسی قوتوں نے جہاں جہاں ہماری فوج کا خون بہا، پولیس کا خون بہا، سیکورٹی ایجنسیوں کا خون بہا، وہاں پر ہمارے سیاسی قائدین، سیاسی ورکرز اور پارلیمنٹریز کا خون بہا ہے، (تالیاں) لہذا پاکستان میں شاید پھر کبھی ایسی اسمبلیاں نہ آئیں کہ جو دہشت گردوں کے خلاف صف آراء ہوں اور سیکورٹی ایجنسیوں کے ہاتھ مضبوط کریں اور اپنے سینوں پر گولیاں کھائیں اور جمہوریت کو مضبوط کرتی چلی جائیں۔ شاید پھر لوگ ایسے لوگوں کو ڈھونڈتے رہینگے، پھر نہیں ملیں گے، لہذا میں اس موقع پر اس حوالے سے یہ اپیل بار بار اس بنیاد پر کرونگا کہ باتیں تو بہت ہو چکیں، فوج کی طرف سے ایک بات ISPR نے صاف کہہ دی تھی، جب قادری آرہے تھے تو اس نے کہا کہ ہمارا اس سے کوئی سروکار نہیں۔ اب ضرورت ہے کہ فوج مزید اس میں اسی بات کی تائید کرے اور فوج از خود، جس طریقے سے ہمارے سپریم کورٹ جج صاحب نے بھی صفائی کر دکھائی اور اس نے کہا کہ باہر کچھ بھی ہو رہا ہو الیکشنز وقت پر ہونگے، ہم جمہوریت کا ساتھ دینگے۔ لہذا وطن عزیز کی خاطر، اس ملک کی بقاء کی خاطر، جمہوریت کی خاطر اور ان حالات کو سنوارنے کی خاطر فوج کو بھی برملا اظہار کرنی چاہیئے

ISPR کے ذریعے کہ کوئی فوج کا نام لے لیکن فوج اس بات میں ملوث نہیں، اس کھیل میں ملوث نہیں، یہ صفائی ان کو کرنی چاہیئے، ایسا نہ ہو کہ کل کو اگر کوئی ڈرامہ رچایا گیا اور ایک بار پھر ہماری فوج پر ایک ایسا الزام آیا کہ اس ملک کو قیمت ادا کرنا پڑے تو یہ ہمارے لئے پھر خسارے کا وقت ہوگا۔ لہذا آپ سے اس حوالے سے، چونکہ مفتی صاحب نے بہت دلائل سے باتیں کیں اور پھر ہمارے تمام ساتھیوں نے بڑے دلائل سے باتیں کیں، میں اس کو بھی نیک شگون ضرور سمجھونگا کہ آج ہمارے تمام سیاستدان متفق ہیں لیکن طاہر القادری کی بے وقت راگنی ہم اس کو الاپنے نہیں دیں گے۔ ہم جمہوری قوتیں ایک ہیں اور ہم جمہوریت کی خاطر، ہم میں اپوزیشن اور کوئی پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن)، اے این پی نہیں ہے، جب جمہوریت پر شب خون مارا جائیگا، ہم سب ایک ہیں، ہم جمہوری قوتیں ایک ہیں، (تالیاں) ہم اس کا راستہ روکیں گے اور اس کا مقابلہ کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب، میں اس بات پر آپ سے اجازت چاہونگا کہ چونکہ وقت آپ شاید کسی اور کو دیں یا نہ دیں لیکن اس خاتمے پر کہ قادری صاحب جس طریقے سے بچوں کو لیکر آئے، عورتوں کو لیکر آئے، یہ بھی ایک ڈھال کی حیثیت سے اس نے بچوں کو غلط طریقے سے اس میں Involve کیا، یعنی تمہیں پتہ ہے کہ تم کس بات کیلئے یہاں پر آئے ہو؟ ایک بچہ جمہوریت کو کیا سمجھتا ہے، ایک بچہ جلوس کو کیا سمجھتا ہے؟ کل کو اگر جلوس میں کسی بچے کو نقصان پہنچا تو آپ پھر یہی چیخیں گے کہ بچوں کو بھی معاف نہیں کیا گیا، یعنی خود تو بلٹ پروف گاڑی میں بیٹھ کر بچوں کو نہتا چھوڑ کر اور پھر یہ کہا جائے کہ بچوں پر ظلم ہوا، عورتوں پر ظلم ہوا، لہذا میں ان کا پرسان حال کرونگا، لہذا قادری صاحب نے یہ بھی جو کچھ کیا ہے، یہ نیک نیتی سے نہیں کیا، بدنیتی سے کیا ہے اور تمام یونیورسٹیوں کے، جو مدرسے ہیں ان کے اساتذہ کو بلایا اور پھر ان کو ایک حکم بھی دیا جناب سپیکر صاحب کہ صرف لیکچررز، اساتذہ نہیں، ان کو کہا کہ اپنے خاندان کو بھی لاؤ یعنی مجبوراً وہ بچوں کو لے آئے۔ اگر کوئی استاد اپنی بیوی کو ساتھ لائے اور بچہ نہ لائے تو کیا کرے، اگر ایک استانی ہے اور اس کو حکم ملا ہے کہ تم جلوس میں آؤ تو وہ اپنا بچہ ساتھ لیکر نہ آئے تو کیا کرے؟ لہذا طاہر القادری نے جو کھیل کھیلا ہے، میں ان سے یہی کہونگا جاتے جاتے کہ ایک بندہ ڈوب رہا تھا جس طرح کے قادری ڈوب رہا ہے اور جس طریقے سے قادری کے ساتھی ڈوب رہے ہیں، ایک بندہ ڈوب رہا تھا، رات کا وقت تھا، ادھر ادھر ہاتھ مارا تو اس کو ہاتھ میں دم لگی اور وہ اس دم کے سہارے دوسرے کنارے پر پہنچا تو صبح ہو چکی تھی، دیکھا تو وہ دم شیر کی تھی، دم چھوڑتا تو پانی میں مر جاتا باہر نکلتا تو شیر کھا جاتا۔ قادری تم نے جو کھیل کھیلا ہے، جمہوریت کے خلاف جو سازش کی ہے، آپ کی پشت

پر جو بھی ہیں، اندر رہیں گے تو بھی مریں گے، باہر آئیں گے تو بھی مریں گے اور یہ جمہوری قوتیں جو ہیں، وہ زندہ رہینگی۔ (تالیاں) بڑی مہربانی، شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ میاں افتخار صاحب۔ میں تمام معزز اراکین سے معذرت کرتا ہوں جو اس موضوع یعنی ملک کی موجودہ صورتحال پر بولنا چاہتے تھے لیکن وقت کی کمی کیوجہ سے اور آپ کے معزز پارلیمانی لیڈرز نے آپ کی اسمبلی کا جمہوریت کی بقاء کیلئے جو Proper message دینا تھا، وہ حق آپ کے پارلیمانی لیڈرز نے ادا کیا تو آپ سے اس معذرت کیساتھ دوبارہ معذرت چاہتا ہوں کہ آپ کو موقع نہ مل سکا۔ ٹائمنگ آپ کو تھوڑا بعد میں، پارلیمانی لیڈرز کو پہلے چاہیئے تھا، آپ مجھے انفارم کرتے Anyhow بہت بہت شکریہ۔

The Sitting is adjourned till 03:00 pm of Friday afternoon, 18th January, thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 18 جنوری 2013ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)